بسم اللہ الرحمن الرحیم!

کلمۃ الیوم

سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر	مولانا اللہ وسایا	03
خواجۂ خواجگان حضرت خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ کی صاحبزادی کا وصال	// //	08
مرکزی نائب امیر حضرت حافظ ناصرالدین خاکوانی کو صدمہ	// //	08
حضرت قاضی محمد ابراہیم ثاقب کی والدہ کا وصال	// //	09
جناب قاری خادم حسین رحمۃ اللہ علیہ کا وصال	// //	09

مقالات ومضامین

اصحاب بدر کا اجمالی تعارف (قسط نمبر:14)	مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی	11
اصلاح معاشرہ......خواتین اسلام سے خطاب	مولانا محمد علی جالندھری رحمۃ اللہ علیہ	14
مفہوم خاتم النبیین......تفاسیر کی روشنی میں	مولانا منیب الحق	18
تاریخ خلیفہ ابن خیاط رحمۃ اللہ علیہ (قسط نمبر:3)	ترجمہ: مولانا غلام رسول دین پوری	22

شخصیات

مولانا عبدالکریم مباہلہ رحمۃ اللہ علیہ	ملخص: مولانا فقیر اللہ اختر	28
حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ	مولانا توصیف احمد	30

رد قادیانیت

عقیدہ ختم نبوت اور ایک قادیانی مغالطہ	مولانا زاہد الراشدی	33
قادیانی جماعت اڑتالیس آف شور کمپنیوں کی مالک نکلی	سیف اللہ خالد	36

متفرقات

تبصرۂ کتب	ادارہ	40
پینتیسویں سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر کے شرکاء	مولانا محمد وسیم اسلم	42

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کلمۃ الیوم

سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر!

الحمدللّٰہ وکفیٰ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ۔ اما بعد!

اللہ رب العزت کے فضل وکرم سے ۱۴؍مئی ۲۰۱۶ء مطابق ۶؍شعبان ۱۴۳۷ھ بروز ہفتہ سابقہ روایات کے مطابق ساڑھے سات بجے صبح سالانہ ختم نبوت کورس کے شرکاء ناشتہ سے فارغ ہوگئے۔ وضو اور تحیۃ المسجد وصلوٰۃ الحاجۃ پڑھنے کے بعد پونے آٹھ بجے حاضری کے لئے گھنٹی لگادی گئی۔ ساڑھے چار سو سے زائد رفقاء اس پہلے پیریڈ میں جمع تھے جو رات کو ہی تشریف لائے تھے۔ امسال وفاق المدارس کے سالانہ امتحان کے ختم ہونے سے قبل ہی بعض غیر وفاقی ساتھی تشریف لائے۔ وفاق کا امتحان جمعرات قبل از دوپہر ختم ہوا۔ جمعرات شام تک ساتھیوں کی بھرپور آمد شروع ہوگئی۔ جمعہ کے دن وقفہ وقفہ سے وفود وقافلے شرکت سے سرفراز فرماتے رہے۔ جمعہ شام کو احتیاطاً کھانا زیادہ بنوالیا گیا تھا کہ رات بھر مہمانان رسول مقبول ﷺ کی آمد متوقع تھی۔ چنانچہ ایسے ہوا کہ چارسدہ سے ایک بڑی ہینو کوچ اور ایک بڑی ائیر کنڈیشنڈ ویگن پر قافلہ پہنچا۔ کراچی واندرون سندھ سے ایک قافلہ ایک سو انتالیس ساتھیوں کا ایک ٹرین سے فیصل آباد اترا۔ وہاں سے پھر ویگنوں کے ذریعہ چناب نگر مدرسہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی تشریف لائے۔ غرض جمعہ کا دن، اگلی رات ہفتہ کا دن اور اس سے اگلی رات جوق در جوق، قافلہ در قافلہ، کارواں در کارواں، رفقاء کرام تشریف لاتے رہے۔ ہمیشہ سے معمول ہے کہ کورس کا دو روز داخلہ ہوتا ہے۔ اتوار شام کو داخلہ کے بند ہونے کا اعلان کردیا جاتا ہے۔ داخلہ کی بندش کے اعلان کے وقت آٹھ سو بیالیس رفقاء، علماء کرام، طلباء عظام اور مہمانان گرامی کا داخلہ ہوچکا تھا۔ اس کے باوجود اتوار و پیر کی درمیانی شب بہت سارے دوست آگئے۔ لیٹ آنے کی وجہ سے جن کے عذر معقول تھے ان میں سے آٹھ مزید ساتھیوں کو داخلہ دے کر آٹھ سو پچاس پر داخلہ بند کردیا گیا۔ جن حضرات سے داخلہ کی معذرت کی گئی ایک تو ان کے عذرات ایسے نہ تھے جس کے باعث ان کے لیٹ ہوجانے کو جواز کی سند ملتی۔ بعض دوستوں سے درخواست کی گئی کہ ہم اپنے اصول وضوابط کو تو نہیں توڑتے۔ البتہ آپ اگر چاہیں تو بغیر داخلہ کے تعلیم حاصل کرسکتے ہیں۔ رہائش، خوراک کی سہولت ادارہ آپ کو مہیا کرے گا۔ البتہ امتحان میں شرکت وسند وغیرہ سے معذرت ہوگی۔

غرض اللہ رب العزت نے کرم کیا کہ بعض پڑھنے کے شوقین بغیر داخلہ کے بھی شریک درس

ہوئے۔ نمازوں کے بعد کالونی کے نمازی اور مہمان بھی شریک درس ہوتے۔ یوں کلاس کی کبھی کبھی ایک ہزار سے بھی حاضری متجاوز ہوجاتی۔

قارئین لولاک کی خدمت میں پہلے سے عرض کیا جاچکا اور وہ باخبر ہیں کہ مدرسہ کے جدید بیس کمرے پر مشتمل دومنزلہ بلاک کورس سے قبل تیار کرلیا گیا تھا۔ کھڑکیاں، دروازے، بجلی وغیرہ کا نظم مکمل ہوگیا تھا۔ ساتھیوں کو قدیم مدرسہ کی عمارت میں ٹھہرایا گیا۔ جب رش زیادہ ہوا تو حفظ کی چھ کلاسوں کو مدرسہ جدید کی عمارت کے چھ کمروں میں منتقل کیا گیا۔ یہی کمرے ان حفظ کے بچوں کی درسگاہیں اور رہائش گاہیں قرار پائیں۔

مدرسہ عربیہ ختم نبوت چناب نگر کے وہ طلباء جو کورس میں شریک تھے یا جن کی خدمت کی ڈیوٹی لگی تھی وہ تمام کے تمام اساتذہ کے خالی مکانوں میں رہائش پذیر ہوئے۔ قدیم مدرسہ کی عمارت مہمانان گرامی سے پر ہوگئی تو باقی مہمانوں کو جدید عمارت میں ٹھہرانے کا بندوبست کیا گیا۔ وہ عمارت بھی بھر گئی تو مسجد کے دوسرے برآمدہ کو اور گردقناتیں لگا کر رہائش کے لئے مختص کیا گیا۔ یوں اللہ رب العزت کے محض فضل وکرم واحسان سے جتنے مہمان آتے گئے ان کی رہائش کے لئے حق تعالیٰ شانہ بہتر سے بہتر سبیل پیدا فرماتے گئے۔ پہلے دن سے کھانے کے نظم کو مولانا محمد اسحق ساقی (بہاولپور)، مولانا محمد اقبال (ڈیرہ غازیخان) اور پھر کچھ دنوں بعد مولانا محمد خبیب (ٹوبہ ٹیک سنگھ) نے سنبھالا۔ ان حضرات نے اس گرمی کے موسم میں ایثار وقربانی کی مثال قائم کردی۔ حسب سابق سالن پکانے کے لئے جھنگ سے اور روٹیاں لگانے کے لئے مولانا سیف اللہ خالد ناظم اعلیٰ جامعہ اسلامیہ امدادیہ نے اہتمام کیا۔ مدرسہ عربیہ ختم نبوت چناب نگر کے مطبخ کا پورا عملہ بھی چاک وچوبند دستہ کی طرح شریک عمل ہوا۔ گیس وبجلی کی وقفہ وقفہ سے بندش کے باوجود کبھی بھی کھانے میں پریشان کن تاخیر یا تعطیل نہیں ہوئی۔ ساڑھے آٹھ سو شرکاء کورس، مدرسہ کے حفظ کے بچوں کی چھ کلاسیں، عملہ، مہمانان گرامی محتاط انداز کے مطابق بارہ صد افراد کا دووقت کا کھانا وناشتہ ہر روز تیار ہوتا تھا۔ مسلسل بائیس دن اتنا بڑا اہتمام پھر کلاسوں کی تسلسل سے تعلیم گویا بائیس روزہ عظیم الشان کانفرنس کی رونق اور سماں، دن رات کا یہ ایمان پرور منظر اور پھر تمام امور کا وقت پر پورا ہوجانا یہ صرف اور صرف پروردگار عالم کے محض فضل وکرم کا صدقہ ہے اور کسی کی اس میں قابلیت نہیں۔

اب اتنی بڑی تعداد کو ایک ساتھ بٹھا کر اکٹھے ایک بزم میں کھانا کھلانے کے لئے کوئی جگہ بھی کافی نہ ہوتی تھی۔ مطبخ کا ہال، دارالقرآن کے ہال، مدرسہ کی بلڈنگ کے تمام برآمدوں میں دسترخوان لگائے جاتے تھے۔ پھر بھی مہمان پورے نہ ہوتے تو اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان سے مدرسہ کے لان کے درختوں کی چھنگائی کر کے مدرسہ کے لان کے نصف حصہ پر اڑھائی سوفٹ لمبے اور بہتر فٹ چوڑے سائبان لگائے گئے۔ اس کے ساتھ مدرسہ کے نئے برآمدہ کو شامل کیا گیا۔ یوں جا کراتنے دسترخوانوں کے لئے جگہ کا اہتمام ہوگیا

کہ ایک ساتھ پورے رفقاء بیٹھ کر آرام وسکون سے کھانا تناول فرمائیں۔ مدرسہ کے حفظ کے اساتذہ نے باری باری اپنی اپنی کلاسوں کو کھانا کھلانے کی خدمت پر لگایا۔ دسترخوان پر کھانا پہلے چن دیا جاتا۔ تمام رفقاء وقار سے ایک ساتھ آ کر بیٹھ جاتے اور یوں کھانا کھلانے، چائے پلانے، ناشتہ کرانے، قہوہ پیش کرنے کا عمل آدھے پون گھنٹہ کے درمیان مکمل ہو جاتا۔ یہ نظم اس عمدگی سے پورا ہوتا رہا جو محض فضل ایزدی ہی ہے۔

صبح آٹھ بجے سے بارہ بجے تک کلاس لگتی۔ درمیان میں پندرہ منٹ کا وقفہ ہوتا۔ پھر ظہر سے عصر تک اور پھر عشاء کے بعد ایک گھنٹہ گویا قریباً آٹھ گھنٹے یومیہ پڑھائی ہوتی۔ رفقاء اپنے طور پر جو تیاری یا مطالعہ کرتے وہ اس کے علاوہ ہے۔ دوسرے روز ہی شام کو عشاء کے متصل بعد تعلیم سے فارغ ہوتے ہی تقریروں کا نظم شروع کرا دیا گیا تھا۔ پانچ پانچ طلباء کے گروپ بنائے گئے۔ یوں ایک سو ستر گروپ بنے۔ ہر روز ہر ساتھی دس منٹ بیان کرتا۔ قارئین! ذرا تصور فرمایئے گا کہ وسیع وعریض مسجد کے ہالوں میں ایک سو ستر خطیب بیک وقت رحمت عالم ﷺ کی ختم نبوت کے عنوان پر خراج تحسین پیش کر رہا ہو۔ اپنے جذبات ایمانی اور اپنے نور قلبی کے ساتھ محو گفتگو ہو تو کیا منظر ہوتا ہوگا؟ بس یقین فرمایئے کہ ایسے محسوس ہوتا تھا کہ آسمانوں سے رب کریم کی رحمت کے فرشتے بھی جھک جھک قابل رشک نظاروں پر شاداں وفرحاں ہوتے ہوں گے۔ مولانا غلام مصطفیٰ، مولانا غلام رسول دین پوری، مولانا عزیز الرحمن ثانی، مولانا رضوان عزیز، مولانا قاضی احسان احمد، مولانا فقیر اللہ اختر اور دوسرے رفقاء نے اس نظم کو سنبھالنے میں قابل رشک محنت کی۔

یاران طریقت! اس گرمی کے موسم میں دوپہر ٹھیک بارہ بجے ایک کپڑے کے سائبان نے کتنی گرمی روکنی ہے؟۔ اس تپتے ماحول میں رفقاء کے بیٹھ کر کھانا کھانے کا عمل کتنا صبر آزما ہوگا؟ تمام شرکاء ڈھیروں شکریہ کے مستحق ہیں کہ کسی ایک نے بھی اف نہیں کی۔ بس ان کے قابل قدر ایثار پر اللہ تعالیٰ نے یہ انعام دیا کہ وقفہ وقفہ سے دو تین بار بارش ہوگئی۔ گرمی، ٹھنڈک، خنکی، تپش کے ماحول میں یوں وقت گزر گیا کہ کانوں کان کسی کو گویا خبر بھی نہ ہوئی۔ ہمہ وقت ٹھنڈے پانی کے کولر اور مشین برابر رو بعمل رہے۔ ناشتہ میں چائے، شام کے کھانا کے بعد قہوہ بھی چلتے رہے۔ ہفتہ میں ایک بار حلوہ کا ناشتہ اور ایک بار بریانی پکتی رہی۔ صبح کو عموماً سبزی گوشت، شام کو دال گوشت چلتے رہے۔ غرض مجلس کے ساتھیوں نے مہمانان گرامی کے لئے حد درجہ اکرام کو سامنے رکھا۔ شرکاء کورس ساتھیوں نے بھی محبتوں سے سرفراز کیا کہ پورے کورس کے دوران کوئی پریشانی کھڑی نہیں کی۔ بس جس جس کو اس کارخیر میں جتنی سعادت حاصل ہوئی، محض اور محض، صرف اور صرف توفیق ایزدی ہی ہے اور بس۔ اللہ کافی اور بس۔ باقی ہوس۔

قارئین گرامی! حسب سابق امسال بھی ہر ہفتہ کے روز امتحان ہوئے۔ ہفتہ بھر میں جو پڑھا تو اگلے ہفتہ کے روز اس کا پیپر ہوگیا۔ یوں تین امتحان ہوئے۔ پورا سلیبس پڑھایا گیا اور تحریری امتحان لیا گیا۔

تینوں پرچوں کے نمبرات جمع کر کے نتیجہ مرتب کیا گیا۔ اس طرح تقریروں کے بھی مقابلے ہوئے۔ ان کا بھی نتیجہ مرتب کیا گیا۔

تحریری امتحان میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کے نام

اوّل	141	عبدالواجد بن شیخ عبدالمجید	کراچی	255
دوم	435	رشید احمد بن مولانا عبدالہادی	صوابی	234
سوم	789	محمد شعیب بن محمد ناصر	چنیوٹ	230

تقریری مقابلہ میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کے نام

اوّل	192	محمد سفیان بن قاری عبدالحمید	سرگودھا	92
دوم	849	عبدالسلام بن محمد فاروق	ٹوبہ ٹیک سنگھ	91
سوم	260	عبدالرحمن بن توحید احمد	سیالکوٹ	90

مقابلہ میں پوزیشن حاصل کرنے والوں کو کتابوں کا سیٹ انعام میں پیش کیا گیا۔

برادران دینی! آپ کو خوب معلوم ہے کہ مجلس تحفظ ختم نبوت اپنے کورس کے شرکاء کو منتخب کتابوں کا سیٹ پیش کرتی ہے۔ ہر سال ہر ساتھی دو، اڑھائی ہزار روپے کی کتابیں لے کر جاتے ہیں۔ اس سال اعلان کیا تھا کہ تمام ساتھیوں کو پانچ پانچ ہزار روپے کی کتابیں یعنی ہر سال کی نسبت اس سال دگنا کتب دی جائیں گی۔ اللہ رب العزت کے کرم کے معاملہ کو دیکھیں کہ امسال ساڑھے آٹھ صد رفقاء کا داخلہ تھا۔ امتحان میں شرکت کرنے والے آٹھ صد تھے۔ ان آٹھ صد رفقاء کو کتابیں دینا تھیں۔ جو کسی بھی عذر کی وجہ سے امتحان میں شریک نہ ہوسکیں۔ وہ سند، وظیفہ اور کتب کے مستحق نہیں ہوتے۔ آٹھ صد رفقاء نے امتحان دیا۔ امتحان مسجد کے محراب سے نئے تعمیر شدہ ہال کی آخری صف تک۔ آٹھ سو رفقاء کے امتحان دینے کا منظر سامنے رکھیں۔ تینوں امتحانوں کے نگران اعلیٰ مولانا عزیز الرحمن ثانی اور مولانا غلام رسول دین پوری تھے۔ امتحانوں کے وقت موجودہ تمام مدرسین، وجبہ کتب، حفاظ اور مبلغین بھی امتحان کی نگرانی میں شریک عمل رہے۔ فلحمدللہ!

انہیں حضرات کی سربراہی میں رزلٹ مرتب ہوئے۔ اب آیئے فی ساتھی پانچ ہزار کی کتابیں دینا ہیں تو آٹھ صد حضرات کے لئے فقط کتابوں کی مد میں اتنا اہتمام کرنا ذرا خیال فرمایئے کہ اللہ رب العزت نے کس طرح مجلس کے ساتھ ہمیشہ کی طرح خیر کا معاملہ فرمایا کہ ملتان کے ایک مکتبہ نے ۲۳ کارٹن کتب، کراچی کے ایک مکتبہ نے بائیس کارٹن کتب، لاہور کے ایک مکتبہ نے تین کارٹن کتب اور گوجرانوالہ کے ایک بزرگ اہل علم نے ایک ویگن کتابوں کی بھری ہوئی ان مہمانوں کے لئے چناب نگر بھجوادی۔ ادھر دفتر مرکزیہ

ملتان سے تقریباً اسی کارٹن کتب ٹرک کے ذریعہ چناب نگر پہنچائی گئیں۔ مجلس کی تازہ کتاب ’’چمنستان ختم نبوت کے گلہائے رنگا رنگ‘‘ کا تین جلدوں پر مشتمل سیٹ جو پونے سترہ صد صفحات پر مشتمل تھا۔ کتاب ’’ایک ہفتہ حضرت شیخ الہند کے دیس میں‘‘، کتاب ’’قادیانیوں سے فیصلہ کن مناظرے‘‘، ’’احتساب قادیانیت‘‘ کی سات سات جلدیں، ’’قادیانی شبہات کے جوابات‘‘ تین جلدوں میں ہر شریک کورس کلاس کے ہر ساتھی کو دی گئیں۔ مجلس کو عطیہ میں ملنے والے کتب اور مجلس کی اپنی مطبوعہ کتب کا ہر سیٹ بیس کتب پر مشتمل ہوگیا۔ جن کی عام بازاری قیمت کسی بھی طرح دعدہ کردہ قیمت سے کم نہ تھی۔ فلحمدللہ! یوں ایک ہی دن میں ملک بھر میں چھوٹی آٹھ صد لائبریریوں کا قدرت نے اہتمام فرمادیا۔

قارئین! اب اتنی کتابوں کے بنڈل کے لئے پلاسٹک کے شاپر متحمل نہ تھے۔ پلاسٹک کی چھوٹی بوری میں بند کرنے پر طبیعت نہ مانتی تھی۔ حضرت مولانا سید خبیب احمد شاہ صاحب نے اس مشکل کا حل یہ نکالا کہ پرنٹ شدہ گتہ کے کتابوں کے سائز کے مطابق آٹھ صد کارٹن تیار کرادیئے۔ یوں ڈبہ پیک عمدہ گفٹ کتب ہر ساتھی کے لئے تیار ہوگیا۔

مولانا غلام رسول دین پوری، مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی ملتان، مولانا قاضی احسان احمد کراچی، مولانا رضوان عزیز چناب نگر، مولانا مفتی محمد راشد مدنی رحیم یار خان، مولانا عزیز الرحمٰن ثانی لاہور، مولانا غلام مرتضیٰ ڈسکہ کے مستقل باری باری اسباق چلتے رہے۔ حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری، مولانا محمد یحییٰ لدھیانوی، مولانا زاہد الراشدی، مولانا محمد اکرم طوفانی، مولانا نور محمد ہزاروی، مولانا محمد الیاس گھمن، مولانا عبدالشکور حقانی، مولانا عبدالرؤف فاروقی، مولانا محمد انور اوکاڑوی، قاضی محمد ابراہیم ثاقب اٹک، مولانا محمد احمد، مولانا محمد شاہد ندیم چناب نگر، مولانا عبدالماجد منڈی بہاؤالدین، مولانا فضل محمد فیصل آباد، جناب محمد متین خالد لاہور کے ایک ایک لیکچر مختلف اوقات میں ہوئے۔ علاوہ ازیں ماموں کانجن سے مولانا قاری عطاء اللہ اپنے رفقاء کے ساتھ، فیصل آباد سے مولانا غلام محمد، گوجرانوالہ سے مولانا سیف الرحمٰن قاسم، چارسدہ سے جناب الحاج عبدالرحمٰن بمع رفقاء، کراچی سے مولانا عبدالحئی مطمئن، مولانا کلیم اللہ اور دیگر حضرات کورس کے دوران تشریف لاکر حوصلہ افزائی فرماتے رہے۔ یوں اللہ رب العزت نے فضل وکرم کا معاملہ فرمایا کہ بائیس روزہ کورس پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

کورس کی اختتامی تقریب ۳؍جون ۲۰۱۶ء قبل از جمعہ منعقد ہوئی۔ اجلاس کی غرض وغایت مولانا قاضی احسان احمد نے بیان کی۔ مولانا عزیز الرحمٰن ثانی نے سٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیئے۔ مولانا صاحبزادہ عزیز احمد نائب امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی زیر صدارت تقریب سعید منعقد ہوئی۔ مہمان خصوصی شیخ الحدیث حضرت مولانا منیر احمد منور جامعہ اسلامیہ باب العلوم کہروڑپکا تھے۔ مولانا صاحبزادہ

عزیز احمد، مولانا منیر احمد منور، مولانا سیف اللہ خالد، مولانا قاری عبدالحمید، الحاج عبدالرحمٰن چارسدہ، حافظ عبدالسلام (ماموں کانجن)، مولانا پیر محمد صفدر، مولانا پیر محمد عابد جملہ مدرسین کتب و حفظ جملہ موجود مبلغین اور دیگر حضرات نے اپنے ہاتھوں شرکاء کو اسناد اور کتب کا سیٹ پیش کیا۔ یوں جمعہ سے قبل یہ تقریب پایۂ تکمیل کو پہنچی۔ خطبہ جمعہ و امامت مولانا غلام رسول دین پوری نے فرمائی۔ والحمد للہ علیٰ ذالک!

خواجہ خواجگان حضرت خواجہ خان محمد ؒ کی صاحبزادی کا وصال

خانقاہ سراجیہ کے شیخ ثالث اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے سابق امیر مرکزیہ خواجہ خواجگان حضرت خواجہ خان محمد ؒ کی اکلوتی اور لاڈلی صاحبزادی صاحبہ کا ۳۱ر مئی ۲۰۱۶ء کو صبح آٹھ بجے کے قریب خانقاہ سراجیہ میں وصال ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! محترم صاحبزادہ سعید احمد کے بیرون ملک ہونے کے باعث جنازہ اگلے دن ڈیڑھ بجے رکھا گیا۔ ملک بھر سے حضرت کے قریبی متوسلین نے جنازہ میں بھرپور شرکت کی سعادت حاصل کی۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا صاحبزادہ خلیل احمد مدظلہ سجادہ نشین خانقاہ سراجیہ نے پڑھائی۔ مرحومہ کو خانقاہ سراجیہ کے خاص احاطہ قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔ جنازہ میں مجلس تحفظ ختم نبوت کی نمائندگی مرکزی ناظم اعلیٰ مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری مدظلہ، مولانا قاضی احسان احمد کراچی، مولانا حافظ محمد انس ملتان نے کی۔

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت اور ادارہ لولاک اپنے مرکزی نائب امیر مولانا صاحبزادہ عزیز احمد صاحب ان کے جملہ برادران صاحبزادہ مولانا خلیل احمد صاحب، صاحبزادہ سعید احمد صاحب، صاحبزادہ نجیب احمد صاحب، صاحبزادہ رشید احمد صاحب اور دوسرے اعزہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعاگو ہے کہ حق تعالیٰ مرحومہ کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائیں۔ آمین!

مرکزی نائب امیر حضرت حافظ ناصرالدین خاکوانی کو صدمہ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی نائب امیر پیر طریقت حضرت حافظ ناصرالدین خاکوانی مدظلہ کے ماموں زاد اور دیگر کئی رشتوں میں قریبی عزیز جناب شریف اللہ خان خاکوانی ۲ر جون جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب ملتان میں وصال فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! اگلے دن مرحوم کا نماز جنازہ ہوا۔ حق تعالیٰ مرحوم کی بال بال مغفرت فرمائیں۔ پسماندگان کو حق تعالیٰ صبر جمیل کی نعمت سے سرفراز فرمائیں۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی ناظم عمومی مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری، مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مولانا حافظ محمد انس نے گھر پر جاکر اپنے مرکزی نائب امیر سے تعزیت مسنونہ ادا کی۔ دعا ہے کہ حق تعالیٰ شانہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائیں۔ آمین!

حضرت قاضی محمد ابراہیم ثاقب کی والدہ کا وصال

امام التفسیر حضرت شیخ لاہوری ؒ کے خلیفہ مجاز اور جامعہ مدنیہ اٹک کے بانی مولانا قاضی زاہد الحسینی مرحوم کی اہلیہ، ہمارے مخدوم زادہ مولانا قاضی محمد ارشد الحسینی اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت اٹک کے امیر اور مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن مولانا قاضی محمد ابراہیم ثاقب کی والدہ محترمہ ۴؍جون ۲۰۱۶ء بروز ہفتہ رات گئے وصال فرماگئے آخرت ہوئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! اگلے روز صبح دس بجے مرحومہ کے بڑے صاحبزادہ قاضی محمد ارشد الحسینی کی امامت میں جنازہ پڑھایا گیا۔ حق تعالیٰ محترمہ مخدومہ مرحومہ کو کروٹ کروٹ جنت میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائیں۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت وادارہ لولاک مرحومہ کے جملہ پسماندگان کے اس صدمہ میں برابر کے شریک غم ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائیں اور پسماندگان کو صبر جمیل نصیب ہو۔ آمین!

جناب قاری خادم حسین ؒ کا وصال

۴؍جون ۲۰۱۶ء ہفتہ کے روز صبح کے وقت محترم قاری خادم حسین ؒ ملتان میں وصال فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! جلالپور سے اوچ شریف مین روڈ پر جائیں تو راستہ میں بہادرپور کے لئے مشرق کی جانب سڑک جدا ہوتی ہے۔ اس سڑک پر جائیں تو چند کلومیٹر کے بعد شمال مشرق کو ایک پکی سڑک نکلتی ہے جو بل کھاتی ہوئی محمد علی والا کی بستی میں جا پہنچتی ہے۔ ۱۹۷۱ء میں اس بستی میں قاری خادم حسین ؒ پیدا ہوئے تھے۔ آپ لانگ برادری سے تعلق رکھتے تھے۔ اس برادری کا آبائی پیشہ زمینداره ہے۔ قاری خادم حسین ؒ نے سکول کی چند جماعتیں اور ناظرہ قرآن مجید اسی بستی میں پڑھا۔ پھر حفظ کے لئے جامعہ خیرالمدارس ملتان میں داخل ہوئے۔ استاذ القراء حضرت قاری رحیم بخش ؒ سے بھی چند اسباق پڑھے۔ حفظ حضرت حافظ عبدالرحیم ؒ کے پاس کیا۔ گردان بھی ان کے ہاں مکمل کی۔ حضرت حافظ ؒ کے حج کے سفر کے باعث دوتین ماہ ان کی کلاس کے نگران بھی رہے۔ یہاں سے فراغت کے بعد حضرت مولانا ظفر احمد قاسم کے جامعہ خالد بن ولید ؓ کالونی وہاڑی میں دو سال حفظ کی کلاس پڑھاتے رہے۔ پھر ملتان ایک سال لطیف آباد میں پڑھایا۔

اس کے بعد پندرہ سال عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی دفتر میں حفظ کی کلاس کے استاذ اور امامت کے فرائض سرانجام دیئے۔ کچھ عرصہ قبل بنات کے لئے اپنا ادارہ قائم کیا اور خود حضوری باغ روڈ کی ایک مسجد کی امامت اور حفظ کی کلاس پڑھانا شروع کی۔ قاری خادم حسین ؒ کو اللہ تعالیٰ نے پانچ صاحبزادے اور ایک بیٹی دی۔ تمام اولاد کو حفظ وناظرہ اور دینی تعلیم سے بہرہ ور کیا۔ قاری خادم حسین ؒ

انتہائی ہنس مکھ اور صاحب اخلاق تھے۔ دوستی قائم کرنا اور اسے نبھانا جانتے تھے۔ معاملہ فہم تھے۔ اتنے شریف الطبع تھے کہ زندگی بھر کسی سے تو تکار کی نوبت ہی نہ آنے دی۔

حضوری باغ روڈ محمدی محلہ کی نوجوان نسل نے حفظ وناظرہ آپ سے پڑھا۔ اس حلقہ میں آپ کو نمایاں احترام کا مقام حاصل تھا۔ اللہ رب العزت نے اپنے گھر کی دوبار زیارت اور حرم نبوی ﷺ کے دیدار کی سعادت سے بھی بہرہ ور کیا۔ زندگی بھر قرآن مجید کی تعلیم کو عام کرنے کے لئے کوشاں رہے۔ گزشتہ کچھ عرصہ سے شوگر کے مریض تھے۔ پھر دل کی تکلیف نے گھیر لیا۔ وفات کے دن صبح کی نماز پڑھائی۔ اس سے فارغ ہوکر کلاس میں آکر تشریف فرما ہوئے۔ سینے میں درد محسوس ہوا تو بڑے بیٹے کو کندھا اور بازو دبانے پر لگا دیا۔ بیٹھے بیٹھے طبیعت نڈھال ہوئی تو لیٹ گئے۔ بچوں نے اٹھایا کارڈیالوجی لے گئے۔ ڈاکٹروں نے چیک کیا تو موت کی تصدیق کردی۔ الٹے پاؤں واپس گھر لایا گیا۔ اتنی دیر میں دو جہانوں کا سفر طے کرلیا۔ آپ کے جسد خاکی کو عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی دفتر ملتان لایا گیا۔ یہاں غسل وتکفین کا عمل مکمل ہوا۔ دن گیارہ بجے جنازہ کا اعلان ہوا۔ دیکھتے ہی دیکھتے دفتر کا چھت والا حصہ صحن اور پلاٹ مکمل طور پر انسانوں سے اٹ گیا۔ آپ کے شاگردوں کو آنسو بہاتے، دعائیں کرتے دیکھا گیا۔ دینی تعلق ورشتہ بھی کیا مقدس رشتہ ہے۔

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی ناظم عمومی مولانا عزیز الرحمن جالندھری مدظلہ نے جنازہ کی امامت کرائی۔ جنازہ کے بعد آپ کے جسد خاکی کو ایمبولینس کے ذریعہ آبائی گاؤں لے جایا گیا۔ جہاں عصر کے بعد جنازہ ہوا۔ علی پور، جلالپور، بہاولپور، حاصل پور، نامعلوم کہاں کہاں سے خلق خدا نے جنازہ میں شرکت کی سعادت حاصل کی۔ یہاں بھی بہت بڑا جنازہ ہوا اور مغرب سے قبل آبائی قبرستان میں آسودۂ خاک ہوئے۔

دوسرے دن آپ کے ایک عزیز شاگرد نے خواب دیکھا کہ ایک جہاز کے قریب قاری خادم حسین ؒ کے صاحبزادہ حسان احمد اور قاری صاحب ؒ کے برادر بزرگ مولانا محمد اسحاق ساقی کھڑے ہیں۔ جہاز اڑان بھرنا چاہتا ہے۔ خواب دیکھنے والے نے خواب میں دوسرے ساتھی سے پوچھا کہ حسان اور ساقی صاحب جہاز کے قریب کیوں کھڑے ہیں؟ ساتھی نے کہا: تمہیں نہیں معلوم کہ قاری خادم حسین ؒ مدینہ طیبہ جارہے ہیں۔ اللہ رب العزت مبارک فرمائیں۔ واقعی وہ آقا مدنی ﷺ کے عاشق صادق اور غلام بے دام تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی بال بال مغفرت فرمائیں اور پسماندگان کو صبر جمیل نصیب ہو۔ مولانا محمد اسحٰق ساقی اور قاری خادم حسین ؒ کے جملہ پسماندگان تعزیت کے مستحق ہیں اور جبکہ بجائے خود مجلس تحفظ ختم نبوت بھی تعزیت کی مستحق ہے کہ ایک اچھے وفادار مخلص ساتھی چل دیئے۔ اللہ تعالیٰ ان کی قبر مبارک کو بقعۂ نور فرمائیں۔ آمین!

اصحاب بدر کا اجمالی تعارف

قسط نمبر:14 مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی

۱۳۱...... سواد بن زریق ابن ثعلبہ الخزرجیؓ

بعض حضرات فرماتے ہیں کہ ان کا نام سواد بن رزن تھا۔ جو بدر، احد میں شریک ہوئے۔ ان کی ایک بیٹی کا نام ام عبداللہ تھا۔ جو مبایعات میں سے تھیں۔ (طبقات ابن سعد ۳/۵۷۷)

۱۳۲...... سواد بن غزیہ ابن اھیب البلوی حلیف الخزرجؓ

آپ غزوہ بدر، احد سمیت تمام مشاہد غزوات میں شریک ہوئے۔ یہ وہ بزرگ ہیں جنہوں نے غزوہ بدر کے موقع پر خالد ابن ہشام مخزومی کو قید کیا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں خیبر کے علاقہ کا حکمران مقرر کیا تھا۔ روایات میں ہے کہ سرور دو عالم ﷺ غزوہ بدر کے موقع پر لکڑی کے ساتھ صفیں درست فرما رہے تھے۔ آپ ﷺ سواد بن غزیہ سے گزرے جو صف سے باہر نکلے ہوئے تھے۔ رحمت عالم ﷺ نے ان کے پیٹ پر چھڑی مار کر فرمایا کہ سواد سیدھے ہو جاؤ تو سواد نے کہا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ نے چھڑی مار کر مجھے اذیت پہنچائی ہے جس اللہ نے آپ ﷺ کو حق و سچ کے ساتھ بھیجا ہے لہٰذا آپ ﷺ مجھے بدلہ دیجئے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے اپنے پیٹ مبارک سے کپڑا ہٹا کر فرمایا کہ بدلہ لے لیجئے۔ تو سواد نے آپ ﷺ کے پیٹ مبارک کا بوسہ لے لیا اور آپ ﷺ سے لپٹ گئے۔ سرور دو عالم ﷺ نے فرمایا کہ تجھے کس چیز نے برانگیختہ کیا تو عرض کرنے لگے کہ میدان جنگ میں ہوں۔ موت کا کوئی پتہ نہیں تو میرا جی چاہا کہ آخری وقت میرا جسم آپ ﷺ کے جسم سے مس کرے۔ تو سرور دو عالم ﷺ نے ان کے لئے دعا فرمائی۔ تو سواد نے عرض کیا کہ آپ ﷺ قیامت کے دن میری شفاعت بھی فرمائیے گا۔ (طبقات ابن سعد ۳/۵۱۶)

۱۳۳...... سویط ابن سعد ابن حریملہ القریشی المکیؓ

صحیح یہ ہے کہ ان کا نام سویبط تھا۔ آپ قدیم الاسلام ہیں اور حبشہ کی طرف بھی ہجرت فرمائی۔ نیز حضرت ابوبکر صدیقؓ اور نعمانؓ کے ساتھ شام کا سفر بھی فرمایا۔ سویبط نے مکہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت بھی فرمائی اور عبداللہ بن سلمہ کے پاس اترے۔ حضور ﷺ نے ان کی عائذ بن ماعص الزرقی کے ساتھ مواخات فرمائی۔ آنجناب بدر و احد میں شریک ہوئے۔ (سیرت ابن ہشام ۲/۳۳۶)

۱۳۴...... سوید ابن مخشی الطائی مولیٰ بنی اسدؓ

غزوہ بدر میں شریک ہوئے۔ (الاستیعاب ۲؍۶۸۰)

۱۳۵...... شجاع ابن وہب ابن ربیعہ الاسدی مولیٰ قریشؓ

بعض حضرات فرماتے ہیں کہ ان کی کنیت ابن ابی وہب تھی۔ آپ نحیف دراز اور اونچے قد کے تھے۔ آپ نے دو دفعہ ہجرت کی۔ ایک مرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ جب یہ مشہور ہوا کہ قریش نے اسلام قبول کرلیا ہے تو مکہ مکرمہ واپس آگئے۔ دوسری ہجرت مدینہ منورہ کی طرف کی۔ حضور ﷺ نے ان کی ابن خولی کے ساتھ مواخات کرائی۔ شجاع اپنے بھائی عقبہ بن وہب کے ساتھ بدر میں شریک ہوئے۔ سرور دو عالم ﷺ کے ساتھ تمام غزوات میں شریک ہوئے۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں چوبیس آدمیوں کے ساتھ ایک سریہ بنو ہوازن کی طرف بھیجا۔ شجاع رسول اللہ ﷺ کا خط مبارک لے کر رسول بن کر حارث بن ابی شمر الغسانی کی طرف تشریف لے گئے۔ اگرچہ وہ تو مسلمان نہ ہوا۔ لیکن اس کا چوکیدار مری مسلمان ہوگیا اور شجاع کے ہاتھوں ایک خط حضور ﷺ کی خدمت میں روانہ کیا۔ سلام بھی عرض کیا اور کہا کہ میں نے آپ ﷺ کا دین قبول کرلیا ہے۔ اس پر حضور ﷺ نے فرمایا ''صدق'' اس نے سچ کہا۔ شجاع جنگ یمامہ کے شہدائے ختم نبوت میں شامل تھے۔ اس وقت ان کی عمر چالیس سال سے کچھ زائد تھی۔ (الاستیعاب ۲؍۳۲۱)

۱۳۶...... شماس ابن عثمان ابن شرید القریشی المخزومیؓ

حضرت شماس اولین مسلمانوں میں سے ہیں۔ نیز آپ نے حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ ان کی والدہ محترمہ کا نام صفیہ بنت ربیعہ تھا۔ آپ نے دوسری مرتبہ مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی۔ غزوہ بدر اور احد میں شریک ہوئے اور غزوہ احد میں جام شہادت نوش فرمایا۔ آپ کی عمر ۳۴ سال تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کی شجاعت کی شہادت دیتے ہوئے فرمایا کہ میں نے دائیں یا بائیں جس طرف بھی دیکھا شماس میرے آگے ڈھال بنا ہوا تھا۔ جب رسول اللہ ﷺ زخموں کی وجہ سے گر پڑے تو حضرت شماس آپ ﷺ کے سامنے ڈٹے رہے۔ یہاں تک کہ شدید زخمی ہوئے تو سرور دو عالم ﷺ نے فرمایا کہ اسے حضرت ام سلمہؓ کی طرف پہنچا دو۔ چنانچہ آپ کو حضرت ام سلمہؓ کے ہاں پہنچا دیا گیا۔ یہاں تک کہ روح قفس عنصری سے پرواز کرگئی۔ حضور ﷺ نے احد کے شہداء کے ساتھ تدفین کا حکم فرمایا۔ جن کپڑوں میں شہید ہوئے انہیں کپڑوں میں دفن کئے گئے۔

(سبل الہدیٰ والرشاد ۴؍۱۰۵)

۱۳۷...... صفوان بن وہب ابن ہلال القرشی المعروف صفوان بن بیضاءؓ

آپ کی کنیت ابوعمر ہے۔ سرور دو عالم ﷺ نے انہیں رافع بن المعلی کا بھائی قرار دیا۔ مواخات

کرائی۔ دونوں حضرات غزوہ بدر میں شہید ہوئے۔ حضرت صفوان اپنے بھائی سہیل بن بیضاء کے ساتھ غزوہ بدر میں شریک ہوئے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ آپ غزوہ بدر میں شہید نہیں ہوئے۔ سرور دو عالم ﷺ کے ساتھ تمام غزوات میں شریک ہوئے۔ رمضان المبارک ۳۸ ہجری میں وفات پائی۔

(سیرت ابن ہشام ۲/۳۳۱)

۱۳۸...... صہیب بن سنان ابو یحییٰ النمری الرومیؓ

حضرت صہیبؓ اولین اسلام قبول کرنے والوں سے ہیں۔ ان کے والد محترم اشراف جاہلین میں سے تھے۔ ان کے والد کو کسریٰ فارس نے ابلہ اور بصرہ کا والی مقرر کیا تھا۔ حقیقتاً آپ دریائے فرات کے کنارے موصل کے رہنے والے تھے۔ جو جزیرہ اور موصل کے متصل ہے۔ یہاں حضرت صہیبؓ پیدا ہوئے۔ بچپن میں رومی آپ کو اٹھا کر لے گئے۔ رومیوں کے درمیان آپ کی نشو ونما ہوئی۔ انہیں بنوکلب کے ایک آدمی نے رومیوں سے خریدا اور انہیں مکہ مکرمہ لے آئے تو عبداللہ ابن جدعان نے خرید لیا۔ پھر آزاد کر دیا۔ مکہ مکرمہ میں رہائش پذیر ہوئے اور تجارت کا پیشہ اپنایا۔ یہاں تک کہ اسلام ظاہر ہوگیا۔ آپ نے اسلام قبول کیا۔ جب مسلمان مدینہ منورہ ہجرت کر رہے تھے تو آپ نے بھی سفر ہجرت شروع فرمایا تو مشرکین مکہ نے آپ کو روکا۔ تو آپ نے فرمایا کہ مجھ سے زیادہ کوئی تیر انداز نہیں۔ جب تک میرے ترکش میں تیر رہیں گے تمہیں تیروں سے قتل کرتا رہوں گا۔ جب تیر ختم ہو جائیں گے تو تلوار سے لڑوں گا۔ دوسری صورت یہ ہے کہ میں نے بہت سامال تجارت جمع کیا ہوا ہے۔ اگر آپ لوگ چاہیں تو آپ کو اپنا مال تجارت دے دوں گا کہ آپ میرا راستہ چھوڑ دیں۔ تو آپ نے اپنا سارا مال تجارت انہیں دے دیا۔ جب سرور دو عالم ﷺ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ صہیبؓ نے نفع بخش تجارت کی۔ آپ نے غزوہ بدر سمیت تمام غزوات میں شرکت کی۔ آپ سے ۳۰۷ احادیث مروی ہیں۔ آپ صہیبؓ رومی کے نام سے مشہور تھے۔ حدیث پاک میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اہل عرب میں سب سے پہلے میں نے اسلام قبول کیا۔ رومیوں میں صہیبؓ ہیں۔ اہل فارس میں سلمان فارسی ہیں۔ حبشیوں میں سے حضرت بلال حبشی ہیں۔ آپ کی کنیت ابو یحییٰ تھی جو رحمت دو عالم ﷺ نے خود رکھی۔ حضور ﷺ نے آپ کی مواخات حارثؓ بن صمہ کے ساتھ کی۔

(سیرت ابن ہشام ۲/۸۳۸)

۱۳۹...... ضحاک بن حارثہ ابن زید الخزرجیؓ

حضرت ضحاکؓ ستر صحابہ کرامؓ کے ساتھ بیعت عقبہ میں حاضر ہوئے۔ غزوہ بدر میں شرکت فرمائی۔

(الاصابہ ۲/۲۰۵) جاری ہے!

اصلاح معاشرہ......خواتین اسلام سے خطاب

مولانا محمد علی جالندھریؒ

زیرنظر تحریر یادگار سلف حضرت مولانا محمد علی جالندھریؒ کی اصلاح معاشرہ کے سلسلہ میں کی گئی ایک تقریر کا کچھ حصہ ہے۔جس میں حضرت موصوف نے خواتین اسلام سے خطاب کیا ہے:

خطبہ مسنونہ کے بعد فرمایا: میں کچھ باتیں اپنی بہنوں سے کہنا چاہتا ہوں۔میری بہنو! زمانہ ایسا برا آ گیا ہے کہ شرم وحیا باقی نہیں رہی۔ایک ایک کر کے قرب قیامت کی علامات ظاہر ہو رہی ہیں۔قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ ہے کہ مرد عورتوں کے پیچھے چلیں گے اور عورتیں ان کی رہنمائی کریں گی۔اب یہ صورت رونما ہو چکی ہے۔شاید ہی کوئی قسمت والا گھر ایسا ہو گا جہاں بیوی شوہر کی بات مانتی ہو۔ورنہ سارے معاملات عورتوں کے ہاتھ میں چلے گئے ہیں۔وہ من مانی کرتی ہیں۔ہر معاملہ میں ان کو ہر قسم کا اختیار ہے۔حتیٰ کہ گھر بسانے اور اجاڑنے کا سارا کھیل وہی کھیلتی ہیں۔

بہنیں معاشرہ کی اصلاح کے لئے اہم کردار ادا کر سکتی ہیں

میں اپنی ان بہنوں سے کہتا ہوں کہ اگر اللہ تعالیٰ نے تمہیں یہ اختیار اور یہ حکومت دی ہے تو تم اس سے معاشرہ کی اصلاح کا کام بھی لو۔اب تم بھی میدان میں نکلو،میدان میں نکلو،اور میدان میں نکلنے کا مطلب یہ نہیں کہ بے پردہ ہو جاؤ۔بلکہ گھروں میں،محلوں میں،بستیوں میں جو معاشرتی خرابیاں اور سماجی برائیاں پیدا ہو چکی ہیں تم ان کو دور کرنے کی کوشش کرو۔بری رسموں کے خلاف آواز اٹھاؤ۔شادی بیاہ کے سلسلہ میں جو قباحتیں جنم لے چکی ہیں ان کو مٹاؤ۔خود پردہ کرو اور اپنی بیٹیوں کے سر بھی ڈھانپو۔غیر شرعی اور بھڑکیلا لباس نہ خود پہنو اور نہ کسی کو پہننے دو۔کالجوں میں جو لڑکیاں پڑھ رہی ہیں انہیں سمجھاؤ کہ وہ پردہ اور صوم وصلوٰۃ کی پابند ہوں۔سادگی کو اپنا شعار بناؤ۔سادہ لباس پہنو۔عریانی سے بچو۔

قیامت کو ننگی اٹھائی جائیں گی

حدیث میں آتا ہے:”رب کاسیات عاریات یوم القیامۃ“﴿بہت سی لباس پہننے والی عورتیں قیامت کے دن ننگی ہوں گی۔﴾

مقصد یہ ہے کہ دنیا میں ان کا لباس عریانی کا تھا۔ اس لئے قیامت کے دن ان کے جسم ننگے ہوں گے۔ یہ ان کی سزا ہوگی کہ وہ اتنے بڑے ہجوم میں عریاں پھر رہی ہوں گی اور بے آبرو ہوں گی۔

عورت کی بدترین تذلیل

ایک بات اور بڑے درد اور دکھ کے ساتھ کہتا ہوں غور سے سنو! سینما کے ٹکٹ نہیں بکتے، جب تک سینما کے باہر عورت کی ننگی تصویر نہ ہو۔ صابن کی ٹکیہ نہیں بکتی جب تک اس پر عورت کی تصویر نہ بنی ہوئی ہو۔ کپڑا نہیں بکتا جب تک اس کے اشتہار میں عورت کی عریاں تصویر نہ چھاپی جائے۔ کوئی پیکٹ نہیں بکتا جب تک اس پر عورت کا فوٹو نہ ہو۔ حتیٰ کہ آئینہ کی پشت پر بھی عورت کی ننگی تصویر بنی ہوئی ہوتی ہے۔ عورت کی اس سے بڑی ذلت و رسوائی اور بے آبروئی اور کیا ہوسکتی ہے کہ ٹکے ٹکے کی چیز پر اس کی تصویر بنی ہوئی ہو اور وہ بازار میں کھلے بندوں فروخت ہورہی ہو۔ عورت کو کتنا ذلیل، کتنا رسوا اور کتنا سستا کردیا ہے۔ اسے کتنا حقیر کردیا گیا ہے۔ تم اس ذلت کے خلاف کیوں آواز نہیں اٹھاتی ہو۔ تم اپنی ایک ایسی موثر اور فعال تنظیم کیوں قائم نہیں کرتی ہو جو عورت کی اس برسر بازار رسوائی کے خلاف آواز بلند کرے۔ تم بڑے بڑے افسروں کی بیگمات کے پیچھے کیوں نہیں پڑتی ہو کہ وہ ان خرافات کو بند کرانے کے لئے اپنے شوہروں پر دباؤ ڈالیں کہ عورت کی تصویر کسی بھی رنگ میں، کسی بھی مقصد کے لئے شائع کرنے پر پابندی عائد کی جائے۔ سینماؤں کے باہر اس قسم کی بے پردہ عورتوں اور مردوں کی تصویریں لگی ہوئی ہوتی ہیں کہ غیرت و شرم کا سر جھک جاتا ہے۔ تم اس کے خلاف جہاد کرو۔ اس بیہودہ شغل کو بند کرانے کا مطالبہ کرو۔ تم حکومت سے مطالبہ کرو کہ وہ عورت کی تصویر کو یوں تجارتی مقاصد کے لئے استعمال کرنے پر پابندی عائد کرے۔

بہنو! ہوش میں آؤ۔ تم کہاں سوئی ہوئی ہو۔ تمہیں بناؤ سنگھار سے فرصت نہیں۔ تمہیں کپڑے لینے کے سوا کچھ یاد نہیں۔ تمہیں زیور اور گہنے کے علاوہ کسی بات کا ہوش نہیں۔ تم نئے نئے فیشن اپناتی ہو۔ رنگ برنگ کی چوڑیاں پہنتی ہو۔ خوشنما اور دلکش برقعے پہن کر بازاروں میں نکلنے کا تمہیں چسکا پڑ گیا ہے۔ تمہاری دلچسپیاں میک اپ اور سرخی پوڈر تک محدود ہوکر رہ گئی ہیں اور تمہیں یہ خیال نہیں آتا۔ یہ احساس نہیں ستاتا کہ بازار میں، چوراہے میں، گلی کی نکڑ پر، سڑک کے چوراہے میں اور دکانوں پر تمہاری عریاں تصویروں کا نیلام ہورہا ہے اور تمہاری ایسی بے عزتی کی جارہی ہے کہ تاریخ میں آج تک کبھی عورت کی بے حرمتی نہیں ہوئی۔ تمہیں اپوا نے جو پٹی پڑھائی ہے وہ تمہاری تباہی کا راستہ ہے۔

نجات کا واحد راستہ

تمہاری نجات کی راہ ام المومنین سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی اتباع میں ہے۔ تم بے

غیرت کافروں کی بے شرم بیگمات کی نقالی کرتی ہو۔ تمہیں یہ احساس نہیں کہ یہ عورتیں دین ومذہب سے بیگانہ خوف خدا سے تہی دامن ہیں۔ تم ان کے پیچھے چل کر انہی کی طرح اپنی عاقبت کیوں خراب کرتی ہو۔ قیامت میں خدا کو کیا منہ دکھاؤ گی؟

لباس کے باوجود ننگی ہوں گی

حدیث شریف میں آتا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میری امت میں دو گروہ پیدا ہوں گے۔ اس گروہ میں وہ عورتیں ہوں گی کہ انہوں نے بظاہر لباس پہن رکھا ہے۔ مگر اس کے باوجود عریاں ہیں۔ دوسروں کو اپنے عشوہ وادا سے اپنی طرف مائل کرتی ہیں اور خود بھی ان کی طرف مائل ہوتی ہیں۔ ان کے سر بختی اونٹ کی کوہان جیسے ہوں گے کہ اور گردن کو مٹکا مٹکا کرنازوادا سے چلیں گی۔ مگر ان کا انجام یہ ہے کہ جنت میں داخل تو کجا، ان کو جنت کی ہوا بھی نہیں لگے گی۔

کیا تم اپنا حشر انہی عورتوں کے ساتھ چاہتی ہو، کیا تمہیں یہ خبر نہیں کہ بیسیوں عورتیں روزانہ اغوا ہو کر فروخت کی جارہی ہیں۔ اخبارات میں تو اغوا کے اکا، دکا واقعات چھپتے ہیں۔ دیہات میں جو روزانہ اغوا کی وارداتیں ہوتی ہیں وہ تو کسی کے نوٹس میں ہی نہیں آتیں۔ بارہ بارہ سال کی لڑکیاں دن دہاڑے اغوا کی جارہی ہیں۔ فروخت کی جارہی ہیں۔ ان کا کوئی مددگار نہیں۔ کوئی پرسان حال نہیں۔ کیا تم اس صورتحال پر خوش ہو۔ کیا تم اسے پسند کرتی ہو کہ تمہاری جنس کا یہ حشر ہو؟ اور اس میں قصور صرف مردہی کا نہیں عورتیں بھی اس جرم میں برابر کی شریک ہیں۔ تم خود حکومت سے مطالبہ کرو کہ جس طرح اغوا میں مرد کا ہاتھ ہوتا ہے۔ اسے سزا ملنی چاہئے۔ اسی طرح جو عورت بھی کسی مرد کے ساتھ بھاگ جائے اسے بھی سزا دی جائے۔ دونوں کے لئے سخت سے سخت سزا مقرر ہونی چاہئے۔ تاکہ بے حیائی اور بے غیرتی کا یہ سلسلہ بند ہو۔

اپنی حالت کو بدلو

جب تک خود عورتیں اپنے احوال کو درست نہیں کریں گی معاشرہ درست نہیں ہوگا۔ مجھے یاد ہے کہ ایک مرتبہ لڑکیوں کے ایک سکول کے متعلق پتہ چلا کہ وہاں فیشن کا بہت اہتمام کیا جاتا ہے۔ عریانی کی وہاں بطور خاص تاکید کی جاتی ہے اور بے پردگی کی تعلیم دی جاتی ہے۔ ہم نے اس کے خلاف آواز اٹھائی۔ ایک مرتبہ انہی دنوں بازار گیا تو ایک دکان پر بیٹھا تھا۔ دکاندار کہنے لگا مولوی صاحب آپ کی مخالفت سے کیا ہوتا ہے۔ ہماری نوجوان نسل کو اس قسم کی فیشن ایبل بیویاں چاہئیں جیسی اس سکول میں تیار ہوتی ہیں۔ لیکن اگر عورتیں یہ طے کرلیں کہ انہیں فیشن نہیں کرنا ہے۔ انہیں عریانی سے بچنا ہے۔ انہیں بے حیائی اور بے غیرتی سے محفوظ رہنا ہے تو یہ کام آسانی سے کرسکتی ہیں۔

ارشاد خداوندی:''وما کان لمومن ولا مومنة اذا قضی الله ورسوله امراً ان یکون لهم الخیرة من امرهم ومن یعص الله ورسوله فقد ضل ضلالاً مبیناً''اور کسی مرد یا عورت کو لائق نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی کام کا حکم دے تو انہیں اپنے کام کا اختیار باقی رہے اور جس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی تو صریح گمراہ ہوا۔

رضائے مولا از ہمہ اولیٰ رضائے مولا از ہم اولیٰ

اس آیت میں مرد اور عورت دونوں کے لئے ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی نہ کریں اور جب کسی کام کے متعلق حکم خداوندی سامنے آجائے تو مومن مرد یا مومنہ عورت فقط وہ ہے جو اپنے تمام اختیار سے دست کش ہو کر اپنی مرضی اپنے مولا کی رضا پر فنا کر دے اور اگر وہ ایسا نہ کرسکیں تو صریح گمراہی میں مبتلا ہوں گے اور ان کا ایمان اور اسلام سے کوئی تعلق نہ ہوگا۔

گھروں میں دینی تعلیم کا اہتمام کرو۔ اپنے والد سے، خسر سے، چچا سے، خاوند سے، بیٹے سے، بھائی سے کہو کہ وہ ہر آٹھویں دن صبح یا شام کو ایک وقت مقرر کر کے اس میں حضور اقدس ﷺ کی سیرت صحابہؓ کے حالات اور فقہ کے مسائل سنائیں۔ بہشتی زیور پڑھائیں اور حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ کی کتابیں فضائل نماز، فضائل قرآن، فضائل رمضان، فضائل صدقات وغیرہ (تبلیغی نصاب مکمل کتاب) اس مقصد کے لئے بہت مفید ہیں۔ دوسری عمدہ دینی کتابیں پڑھنے کا بھی گھروں میں رواج ڈالو۔ اگر ایسا انتظام ہوسکے کہ ایک پردہ دار گھر میں سب عورتیں اکٹھی ہوں اور کوئی پڑھی لکھی عورت یہ فرض انجام دے تو اور بھی بہتر ہے یا کوئی بڑی عمر کا نیک سیرت عالم ہو جو محرم مردوں کی موجودگی میں پردے کے پیچھے بیٹھ کر تمہیں دین کی باتیں سکھائے۔ بچیاں، بیبیاں، مائیں، بہنیں اور سب وہاں بیٹھ کر دین کی باتیں سنیں۔ اس سے دل میں خدا کا خوف پیدا ہوگا۔ آخرت کا اور قیامت کے دن کا یقین پیدا ہوگا اور حضور ﷺ کی محبت پیدا ہوگی اور ان کے نقش قدم پر چلنے کی رغبت پیدا ہوگی اور اس طرح معاشرہ کی اصلاح ہو جائے گی۔ اللہ ہم سب مسلمانوں کو نیک عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

فیصل آباد میں اکیس افراد کا قبول اسلام

فیصل آباد چک نمبر 109 گ۔ب روڈ ورکشاپ جڑانوالہ روڈ میں جناب محمد شوکت علی، محمد اکرام، محمد اسلام سمیت راجپوت فیملی کے اکیس افراد نے جامع مسجد شوکت علی فضلی میں بیس شعبان کو مغرب کی نماز کے وقت تمام نمازیوں کی موجودگی میں قادیانیت پر لعنت بھیجتے ہوئے مولانا عبدالرشید سیال مبلغ مجلس فیصل آباد کے ہاتھ پر اسلام قبول کرلیا۔ اللہ تعالیٰ اس خاندان کو استقامت نصیب کرے۔ آمین!

مفہوم خاتم النّبیین ...... تفاسیر کی روشنی میں

مولانا منیب الحق

مصلیا ومسلما: اما بعد فقد قال اللہ تبارک وتعالیٰ وخاتم النّبیین (احزاب:۴۰)

یہ آیت کریمہ مہر ختم نبوت کی طرح اپنے مفہوم میں واضح ہے اور وہ یہ کہ آپ ﷺ خاتم النّبیین ہیں۔لیکن یہ قرآنی ترکیب ہے۔اس لئے اس میں ختم نبوت کے حوالہ سے بڑے معانی لطیفہ پائے جاتے ہیں۔جنہیں ذیل میں مفسرین کے تراجم وتفاسیر سے نقل کیا جاتا ہے۔

حضرت مولانا شاہ عبدالقادرؒ اپنے الہامی ترجمہ ’’موضح قرآن‘‘ میں یہ ترجمہ کرتے ہیں ’’اور مہر سب نبیوں پر‘‘ یہ ترجمہ بہت معنی خیز ہے۔گویا ایک مثال ہے۔کیونکہ اس میں مثال ’’مہر‘‘ کے ذریعہ مفہوم کو ذہن نشین کیا گیا ہے اور مثال مفاہیم کے سمجھانے میں بہت مؤثر ہوتی ہے۔اس لئے کہ اس میں محسوس سے مفہوم کو سمجھایا جاتا ہے۔نیز مفہوم کے اعتبار سے بھی یہ ترجمہ بہت اہم ہے۔کیونکہ اس میں ختم نبوت کے تمام پہلو آجاتے ہیں۔

اس لئے حضرت شیخ الہند علامہ مولانا محمود حسن دیوبندیؒ بعینہ یہی ترجمہ کرتے ہیں اور کسی قسم کا تغیر تبدل نہیں کرتے۔اس لئے حضرت علامہ مولانا شبیر احمد عثمانیؒ کی فوائد عثمانی کے ص۵۶۳ پر مذکورہ ترجمہ کا بڑا جامع تبصرہ کرتے ہیں: ’’یعنی آپ کی تشریف آوری سے نبیوں کے سلسلہ پر مہر لگ گئی۔‘‘ اسی لئے آپ ﷺ کی نبوت کا دورہ سب نبیوں کے بعد رکھا۔بلکہ بعض محققین کے نزدیک تو انبیائے سابقین اپنے اپنے عہد میں بھی خاتم الانبیاء ﷺ کی روحانیت عظمیٰ ہی سے مستفید ہوتے تھے۔جیسے رات کو چاند اور ستارے، سورج کے نور سے مستفید ہوتے ہیں۔حالانکہ سورج اس وقت دکھائی نہیں دیتا اور جس طرح روشنی کے تمام مراتب عالم اسباب میں آفتاب پر ختم ہوجاتے ہیں۔اسی طرح نبوت ورسالت کے تمام مراتب وکمالات بھی روح محمدی پر ختم ہوجاتے ہیں۔بدیں لحاظ کہہ سکتے ہیں کہ آپ ﷺ رتبی اور زمانہ ہر حیثیت سے خاتم النّبیین ہیں۔جن کو نبوت ملی ہے آپ ﷺ ہی کی مہر لگ کر ملی ہے۔اس لئے اس سے قبل امام فلسفہ وتفسیر حضرت شاہ ولی اللہؒ فارسی ترجمہ کے ص۵۱۰ پر یہی بلکہ اس سے بھی مبالغہ آمیز حقیقت شناس ترجمہ کرتے ہیں: ’’ومہر پیغمبراں است‘‘ کیونکہ اس میں لفظ بر نہ ہونے کی وجہ سے مبالغہ پیدا ہوگیا اور ترجمہ یہ بن گیا اور مہر سب پیغمبروں کی۔جس کی وجہ سے مفہوم اور قریب ہوگیا تو اب اس ترجمہ میں ختم نبوت سے متعلقہ تمام رخ (جن کی طرف اوپر اجمالاً اشارہ ہوا) بطریق اولیٰ آگئے۔

حاصل یہ کہ اس قسم کے واضح اور جامع تراجم یقیناً ایک مثالی تراجم ہیں اور ان سے مسئلہ ختم نبوت کے بڑے مواد کا سراغ ملتا ہے۔ جس پر آگے قدرے تفصیل سے کلام کیا جاتا ہے۔

حضرت مولانا شاہ رفیع الدین ؒ اپنے لفظی ترجمہ کے ص ۵۱۰ پر یہ ترجمہ بیان کرتے ہیں: ''اور ختم کرنے والا سب نبیوں کا'' ترجمہ ہذا وضاحت کے اعتبار سے بہت اہم ہے۔ خصوصاً ختم کرنے والا یہ الفاظ بہت وزنی اور برمحل ہیں۔ کیونکہ ختم کرنے اور ختم ہونے میں بڑا فرق ہے۔ گو دونوں میں تلازم ہے۔ اب مطلب یہ بنا کہ آنحضرت ﷺ کی بعثت کا ایک مقصد ختم نبوت بھی ہے اور آپ ﷺ خاتم النّبیین ہیں۔

امام لغۃ قرآن، علامہ راغب اصفہانی ؒ المفرادت فی غرائب القرآن کے ص ۱۴۶ پر یہ معنی بیان کرتے ہیں: ''الختم، الحاصل من النقش ''یعنی ختم نقش سے حاصل شدہ اثر کو بھی کہتے ہیں۔ جس سے ایک شئے پختہ اور یقینی ہو جاتی ہے۔ معلوم ہوا کہ سابقہ نبوت ورسالت کا سلسلہ آنحضرت ﷺ کی رسالت کا فقط حاصل ہی نہیں بلکہ اس کو آپ ﷺ کی ختم نبوت کے طفیل پختگی اور استحکام بھی ملا تو آپ ﷺ کی نبوت کی حیثیت ایک پشتیبان ونگہبان کی بھی ہوئی۔ جیسے قرآن مجید کی ایک صفت مہیـــــمن بھی ہے:

''ومھیمناً علیه ''(مائدہ:۴۸)

اسی لئے امام وجوہ قرآن کریم، ابوعبداللہ حسین بن محمد دامعانی ؒ الوجوہ والنظائر کے ص ۲۰۶ پر لفظ ختم کے یہ معنی لکھتے ہیں: ''ختم یعنی حفظ وربط'' (حفاظت کی اور جوڑا) اس ترجمہ سے ایک تو سابقہ نمبر ۱ والے معنی کی تائید ہوئی دوسرے سلسلہ نبوت کی تمام کڑیاں آپس میں ملتی نظر آئیں۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ سیدنا وابونا حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر سیدنا آنحضرت ﷺ تک علم وعمل کی دوشاہراہوں پر جتنا کام بھی ہوا یہ سب ختم نبوت کی برکت سے ہوا۔

امام مفاہم قرآن علامہ جاراللہ زمخشری تفسیر کشاف ج ۳ ص ۵۵۲ پر یہ مفہوم بیان کرتے ہیں: ''لاینبأ احد بعده ''(یعنی نہ آگاہ کرے گا بطور نبوت کوئی بھی آپ ﷺ کے بعد) کیونکہ آگاہی کی یہ قسم آپ ﷺ پر ختم ہو چکی ہے۔ معلوم ہوا کہ نبوت کا دروازہ تو بند ہو چکا لیکن امت کی نئی نئی ضروریات، تبلیغ دین، نشرواشاعت کا سلسلہ تاقیامت جاری رہے گا۔ جس کے پس منظر میں تفقہ، استنباط، اجتہاد، امر بالمعروف، نہی عن المنکر اور درس افتاء غرض کہ جملہ شعبہ ہائے احیائے دین سامنے آتے ہیں۔ یہ بھی عقیدۂ ختم نبوت کا صدقہ ہوا جو امت کو وافر ملا۔ اس لئے آنحضرت ﷺ کی نبوت ابوۃ روحانیہ کی ایک بہت بڑی اہمیت پر روشنی پڑتی ہے جس کے لئے اگلی تفاسیر ملاحظہ ہوں:

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا اشرف علی تھانوی ؒ تفسیر بیان القرآن (جو ہماری رائے کے مطابق اردو کی روح المعانی ہے) کے ج ۹ ص ۵۳ پر یہ ترجمہ وتفسیر بیان کرتے ہیں: ''چنانچہ آپ ﷺ

نبیوں کے آخر پر ہیں اور جو نبی ایسا ہوگا وہ ابوۃ روحانیہ میں سب سے بڑھ کر ہوگا۔“

امام محمد رازیؒ تفسیر کبیر ج۱۲ ص۲۱۵ میں اس کی وجہ یہ بیان فرماتے ہیں: ”وذلک لان النبی الذی یکون بعدہ نبی ان ترک شیأ من النصیحه والبیان یستدرکه من یأتی بعدہ ومن لا نبی بعدہ یکون اشفق علی امته واهدی لهم واجدی اذ هو کوالد لولد الذی لیس له غیرہ من احد“ (اگر نبی کے بعد دوسرا نبی ہو تو وہ رہی سہی نصیحت کو پورا کر دیتا ہے۔ لیکن چونکہ آپ ﷺ کے بعد دوسرا نبی نہیں۔ اس لئے آپ ﷺ کی شفقت، ہدایت امت کے لئے اس بچہ کی طرح ہوئی جس کا والد کے علاوہ کوئی نہ ہو۔)

یہی تفسیر امام ابوالفضل، شہاب الدین، سید محمد آلوسی بغدادیؒ تفسیر روح المعانی ج۸ ص۳۲ پر فرماتے ہیں: ”قیل انه جیٔ به یشیر الی کمال نصیحه وشفقة فیفیه ان ابوته للامة، ابوۃ کامله فوق ابوۃ سائر الرسل“ یعنی لفظ خاتم یہ دلیل ہے اس سے ماقبل ولکن رسول اللہ کی (جس کا حاصل ابوت روحانیہ ہے) تاکہ آپ ﷺ کی کمال شفقت ظاہر ہو اور پتہ چلے کہ آپ ﷺ کی ابوۃ روحانیہ تمام انبیاء کرام کی ابوۃ سے اعلیٰ ہے۔ امام عصر، علامہ انور شاہ کشمیریؒ مشکلات القرآن کے ص۲۲۷ پر اس کی وجہ یہ بیان فرماتے ہیں: ”یوئذن کونه ابا نسبیاً لاحد کم شیٔ ناقص فلیس له معکم هذہ العلاقة بل له معکم علاقة کونه رسولاً الیکم ونبیکم عجب“ یعنی آپ ﷺ تم میں سے کسی کے حقیقی باپ ہوں یہ تعلق کمزور ہے۔ اس لئے یہ تعلق نہ رکھا گیا، بلکہ یہ تعلق رکھا گیا کہ آپ ﷺ تمہارے نبی ورسول ہوں فقط! (اور یہ تعلق بہت اعلیٰ ہے)

الغرض کہ سابقہ امتیں ہوں یا آپ ﷺ کی امت ہو، سب اسی ابوۃ روحانیہ کی رہین منت ہیں اور آپ ﷺ کی ختم نبوت تن تنہا اس کار عظیم کی ضمین وامین ہے۔ اس لئے جب آپ ﷺ کا ظہور قدسی ہوا تو کوئی دوسرا قدسی (پیغمبر) ساتھ نہ آیا اور نہ ہی بعد میں جلوہ گر ہوا۔ گویا یہ دو حسی علامتیں تھیں۔

صاحب التفسیرات الاحمدیہ کے محشی مولانا غلام رحیم بخش مذکورۃ کتاب کے ص۶۲۳ کے حاشیہ نمبر۱ پر اس حقیقت کو یوں بیان کرتے ہیں: ”فلا یکون نبیاً بعدہ ولا معه“ (نہ آپ ﷺ کے بعد اور نہ آپ ﷺ کے ساتھ کوئی نبی آیا) بلکہ یہاں تو وہ خود امتی بننے لگے۔ (جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خواہش اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آخیر زمانہ میں دوسرے آسمان سے نزول اور بحیثیت امتی کام کرنا) یہ دو اس بات کی واضح شہادتیں ہیں۔

اس لئے امام عبداللہ بن احمد بن محمود نسفیؒ فرماتے ہیں: ”وحین ینزل، ینزل عاملاً علی شریعة محمد کانه بعض امة (تفسیر مدارک ج۲ ص۳۴۷)“ یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام

آنحضرت ﷺ کے ایک امتی بن کر آسمان سے اتریں گے اور کام کریں گے تو آپ ﷺ افق رسالت کے آفتاب ومہتاب ہوئے اور باقی تمام انبیاء کرام اس کے اقمار وسیارات۔ صاحب قصیدہ بردہ علامہ بوصیری ؒ نے کیا خوب فرمایا:

فانہ شمس فضل ھم کواکبھا یظھرن انوارھا للناس فی الظلم

یہ لفظ خاتم کا کچھ معنوی جائزہ تھا جو پیش ہوا۔ آگے کچھ لفظی جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔ امام تراکیب قرآن ابوالبقاء عبدالرحمٰن بن حسین عکبری ؒ املاء مامن بہ الرحمٰن کے ص۱۰۲ پر لکھتے ہیں: ”ویقراء بفتح التاء علی معنی المصدر“ کہ خاتم بفتح تاء بھی پڑھا گیا کہ یہ مصدر ہو: ”وقال آخرون ھو فعل مثل قاتل“ اور بعض فرماتے ہیں کہ یہ فعل ہے قاتل کے وزن پر: ”وقال آخرون ھو اسم بمعنی آخرھم“ اور بعض فرماتے ہیں کہ یہ اسم ہے بمعنی ”آخرہم اسم فاعل“ ”وقیل ھو بمعنی المختوم بہ النبیون“ اور بعض نے فرمایا یہ اسم مفعول بمعنی مختوم بہ النبیون ہے۔ ”وبکسرھا“ اور خاتم بکسر التاء ایک لغت یہ بھی ہے: ”ای آخرھم“ یعنی اسم فاعل ہو۔

غرض یہ کہ لغت صیغہ کوئی بھی ہو مطلب ایک ہی ہے کہ آپ ﷺ خاتم النّبیین ہیں۔ اسی لئے امام تفسیر ماثور حافظ اسماعیل بن کثیر ؒ تفسیر ابن کثیر کے ج۵ ص۱۸۵ پر نص فرماتے ہیں کہ: ”فھذہ الآیۃ نص علی انہ لا نبی بعدہ“ یعنی یہ آیت سیدنا حضور اکرم ﷺ کی ختم نبوت پر نص قطعی ہے۔

قارئین کرام! یہ چند معانی لطیفہ تھے جنہیں کچھ تفاسیر سے منتخب کر کے عقیدہ ختم نبوت کے بعض پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ ورنہ آیت مذکورہ بالا تو معارف ومعانی کی وہ مسک ختام ہے جس کی عنبریں مہک معطر کرتی ہی چلی جائیں۔ امام دامغانی ؒ نے ایک معنی کے بیان میں کیا ہی خوب اشارہ فرمایا: ”خاتمہ بمعنی آخرہ فی سورۃ مختوم ختامہ مسک کقولہ فی سورۃ الاحزاب وخاتم النّبیین“ (الوجوہ والنظائر ص۲۰۶) اور عجیب بات ہے کہ ختامہ مسک میں ایک قراءۃ خاتمہ مسک بھی ہے۔ دیکھئے تفسیر کشاف ج۴ ص۲۲۴۔ اس لئے اس مسک الختام پر اختتام کیا جاتا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب!

سورۃ یوسف کی فضیلت

خواجہ قطب الدین بختیار کاکی ؒ کو قرآن پاک باوجود کوشش کے یاد نہ ہوتا تھا۔ ایک رات حضور ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ سورت یوسف کی روزانہ تلاوت کیا کرو۔ اللہ چاہے گا تو قرآن پاک یاد ہو جائے گا۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ تو آخر عمر میں قرآن پاک کو حفظ کرنے میں کامیاب ہوگئے۔

تاریخ خلیفہ بن خیاط بن خلیفہ بن خیاط ؒ

قسط نمبر:3

ترجمہ: مولانا غلام رسول دین پوری

سن ۱ ہجری کے واقعات

۱...... خلیفہ بن خیاط ؒ کہتے ہیں کہ ہمیں بکر بن سلیمان ؒ نے بیان کیا۔وہ کہتے ہیں کہ ہمیں ابن اسحاق ؒ نے بیان کیا۔اسی طرح وہب ؒ نے بھی اپنے باپ سے اور انہوں نے ابن اسحاق ؒ سے نقل کیا۔وہ کہتے ہیں کہ مجھے محمد بن جعفر بن زبیر ؒ نے عروہ ؓ سے اور عروہ ؓ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عویمر بن ساعدہ ؓ سے نقل کرتے ہوئے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کے کچھ حضرات صحابہ ؓ نے مجھے بتایا کہ جب ہم نے رسول اللہ ﷺ کی مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت، روانگی اور تشریف آوری کا سنا تو ہم شوق دیدار میں آپ ﷺ کی تشریف آوری کے لئے سراپا منتظر رہتے اور سارا دن ہماری نظریں (آپ کے راستہ کی طرف) ٹکٹکی باندھ کر تکتی رہ جاتیں اور ہماری یہ حالت ہوتی تھی کہ ہم میں سے (مدینہ منورہ کا) ہر ہر فرد فجر کی نماز پڑھتے ہی باہر نکل کر مقام حرہ پر آجاتا اور دوپہر ہونے تک وہیں کھڑا رہتا اور جب تک تیز دھوپ ہم پہ غالب نہ آجاتی اس وقت تک کوئی فرد بشر اپنی جگہ سے ادھر ادھر نہ سرکتا تھا۔جب گرمی ستاتی تب اپنے گھروں کو واپس لوٹتے۔کبھی ایسا بھی ہوتا تھا کہ سارا دن انتظار میں بیت جاتا۔جب شام ہوتی تب گھر واپس آتے۔(روزانہ یہی معمول چلتا رہا) جب وہ مبارک دن آیا جس دن آپ ﷺ کی تشریف آوری ہوئی تو سب سے پہلے ایک یہودی نے (ٹیلہ پر سے آپ کو رونق افروز ہوتے) دیکھا تو بے اختیار بلند آواز سے پکار کر کہا: ”یا بنی قیلة هذا جدکم قد جاء“ (کہ اے بنی قیلہ! تمہارا بخت مبارک اور خوش نصیبی کا سامان آپہنچا ہے) یہ صدا سنتے ہی ہم حضور اقدس ﷺ کی خدمت اقدس میں جا پہنچے۔اس وقت آپ ﷺ ایک کھجور کے درخت کے سائے میں تشریف فرما تھے اور آپ ﷺ کے ساتھ آپ ﷺ کے رفیق حضرت ابوبکر صدیق ؓ بھی تھے جو عمر میں آپ ﷺ کے برابر نظر آتے تھے اور ہم میں سے اکثر لوگوں نے ازیں قبل رسول اللہ ﷺ کی زیارت نہیں کی ہوئی تھی۔تا ہم دیدار و ملاقات کے لئے بھی لوگ امنڈ پڑے۔اب ہمارے لئے آپ ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق ؓ کے مابین امتیاز مشکل ہو گیا۔ہم میں سے کسی کو پتہ نہیں چل رہا تھا کہ کون رسول اللہ ﷺ ہیں؟ اور کون ابوبکر صدیق ؓ؟ جب درخت کا سایہ رسول اللہ ﷺ کی ذات اقدس سے ایک طرف مائل ہوا اور آپ ﷺ پر دھوپ پڑنے لگی تو اتنے میں حضرت ابوبکر صدیق ؓ کھڑے ہوئے اور (اپنی چادر سے) آپ ﷺ پر سایہ کرنے لگے تب ہمیں پہچان ہوئی کہ

یہ رسول اللہ ﷺ ہیں (اور یہ حضرت ابوبکر صدیق ؓ ہیں)

۲...... ابن اسحاق ؒ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ میں بارہ ربیع الاوّل بروز سوموار کو آفتاب کی روشنی زیادہ ہونے کے وقت تشریف لائے۔

۳ ابن اسحاق ؒ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سب سے پہلے قباء (مدینہ منورہ سے تین میل کے فاصلہ پر ایک آبادی ہے) میں پہنچے (یہاں انصار کے کچھ خاندان آباد تھے) تو آپ ﷺ نے بنی عمرو بن عوف کے خاندان کے سردار کلثوم بن ہدم کے مکان پر قیام فرمایا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ سعد بن خیثمہ کے مکان پر قیام فرمایا۔ (انصار کے ممتاز خاندان) بنی عمرو بن عوف میں آپ ﷺ نے سوموار، منگل، بدھ جمعرات کو قیام فرمایا اور یہاں سب سے پہلے ان کی مسجد کا سنگ بنیاد رکھا (جسے آج تک دنیا مسجد قباء کے نام سے جانتی ہے) قباء بستی میں (مذکورہ) چند ایام قیام فرمانے کے بعد قبیلہ بنی عمرو بن عوف سے مدینہ منورہ کی طرف تشریف لے جانے کا قصد فرمایا۔ چلتے ہوئے راستہ میں بنو سالم بن عوف کا محلّہ آ گیا۔ یہاں نماز جمعہ کا وقت ہو گیا تو آپ ﷺ نے یہاں ان کی مسجد میں (جو بطن وادی میں تھی) نماز جمعہ پڑھائی۔ (یہ اسلام میں آپ ﷺ کا پہلا جمعہ اور پہلا خطبہ تھا)

۴...... ابن اسحاق کہتے ہیں کہ (یہاں سے فراغت کے بعد) آپ ﷺ (مدینہ طیبہ تشریف لائے تو) سب سے پہلے حضرت ابوایوب خالد بن زید انصاری ؓ کے مکان پر قیام فرمایا اور اسی سال میں آپ ﷺ نے وہاں مسجد بنانے کا حکم صادر فرمایا۔ چنانچہ جب تک مسجد نہ بنی اور آپ ﷺ کے لئے علیحدہ رہائش کا انتظام نہ ہوا۔ اس وقت تک آپ ﷺ کا قیام حضرت ابوایوب ؓ کے مکان پر رہا۔ جب آپ ﷺ کا مکان تیار ہو گیا تو آپ وہاں منتقل ہو گئے۔

۵...... ابن اسحاق ؒ کہتے ہیں کہ اسی سال (سن ایک ہجری) کے انہی مہینوں میں جن میں مسجد نبوی (ﷺ) بن رہی تھی تو (بنی نجار کے نقیب) ابوامامہ اسعد بن زرارہ ؓ کا گلے کے درد و زخم کی تکلیف میں انتقال ہو گیا۔

۶...... ابن اسحاق ؒ کہتے ہیں کہ اسی سال (سن ایک ہجری) ہی میں حضرت عبداللہ بن سلام ؓ نے اسلام قبول کیا۔

۷...... بکر ؒ اور ابن اسحاق ؒ اور محمد بن ابراہیم ابن الحارث ؒ کہتے ہیں کہ اسی سال ہی میں حضرت عبداللہ بن زید ؓ نے خواب میں (ایک فرشتہ سے) اذان کے کلمات سیکھے تھے۔ (جو آپ ﷺ کو بتلائے) تو آپ ﷺ نے حضرت بلال ؓ (جو جہیر الصوت تھے) کو حکم فرمایا کہ (ان کلمات کے ساتھ) اذان دیا کریں۔

سن ۲ ہجری کے واقعات

۱......غزوۃ الابواء

۲ھ میں غزوۃ الابواء پیش آیا اور یہ سب سے پہلا غزوہ ہے جس میں رسول اللہ ﷺ بہ نفس نفیس تشریف لے گئے۔ خلیفہ بن خیاط ؒ کہتے ہیں کہ ہمیں بکر ؒ نے ابن اسحاق ؒ سے اور وہب ؒ نے بھی اپنے باپ سے اور انہوں نے ابن اسحاق ؒ سے بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ غزوۃ الابواء سب سے پہلا وہ غزوہ ہے جس میں رسول اللہ ﷺ بہ نفس نفیس خود بارہ صفر ۲ھ کو مدینہ منورہ سے تشریف لے گئے اور قریش کے تجارتی قافلہ اور بنو ضمرہ پر حملہ اور ان کا تعاقب کرنا چاہا۔ یہاں تک کہ جب ’’ودان‘‘ مقام پر پہنچے تو پتہ چلا کہ قریش کا قافلہ نکل چکا ہے۔ بالآخر بنو ضمرہ کے سردار مخشی بن عمرو سے صلح کر کے واپس تشریف لائے۔ خلیفہ کہتے ہیں کہ علی بن محمد ؒ نے اپنے مشائخ کے حوالے سے مجھے بتایا کہ آپ ﷺ ماہ صفر میں اس غزوہ کے لئے تشریف لے گئے اور ماہ ربیع الاول میں واپس تشریف لائے اور ابواء اور ودان مدینہ منورہ سے مکہ معظمہ جاتے ہوئے چار مراحل پر واقع ہے۔

فائدہ...... اس غزوہ کو غزوۃ الابواء اور غزوہ ودان کہتے ہیں۔ ابواء مدینہ منورہ سے ۳۳ میل کے فاصلہ پر واقع ہے اور ودان ابواء کے قریب دوسرا مقام ہے۔

۲......غزوہ بواط

ابن اسحاق ؒ کہتے ہیں کہ اسی سال (سن دو ہجری) ماہ ربیع الثانی میں غزوہ بواط بھی ہوا جو رضوی جانب میں واقع ہے۔ آنحضرت ﷺ اس غزوہ میں قریش کے ایک تجارتی قافلہ کے تعاقب میں (دوسو مہاجرین کی معیت میں) تشریف لے گئے تھے۔ مگر وہ قافلہ بچ بچا کر نکل گیا۔ اس لئے لڑائی کی نوبت اس غزوہ میں نہیں آئی۔ علی بن محمد ؒ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ اس غزوہ میں تین ربیع الثانی بروز منگل کو تشریف لے گئے تھے اور دس ربیع الثانی کو واپس (مدینہ منورہ) تشریف لے آئے اور یہ مقام مدینہ منورہ سے شام کو جاتے ہوئے تین مراحل پر واقع ہے۔

فائدہ...... ’’بواط‘‘ جہینہ کے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ کا نام ہے اور ’’رضوی‘‘ مدینہ منورہ اور مکہ مکرمہ کے مابین ایک پہاڑ کا نام ہے جو ینبع کے قرب میں واقع ہے اور ینبع مقام پر پانی وافر مقدار میں اور درخت کثیر تعداد میں موجود ہیں۔

۳......غزوہ عشیرہ

ابن اسحاق ؒ کہتے ہیں کہ (اسی سال غزوہ بواط کے بعد) پھر رسول اللہ ﷺ جمادی الاولی میں

غزوۃ العشیرہ کے لئے تشریف لے گئے۔قریش کے ایک تجارتی قافلہ کے تعاقب کے ارادہ سے نکلے تھے مگر آپ ﷺ کے پہنچنے سے قبل یہ قافلہ بھی نکل گیا تھا۔(اور لڑائی کی نوبت نہیں آئی) بالآخر ’’بنومدلج‘‘ سے معاہدہ فرما کر صحیح سلامت واپس تشریف لے آئے۔علی بن محمد ؒ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جمادی الاولیٰ کے اوائل میں تشریف لے گئے تھے اور ابھی پانچ روز اس ماہ کے باقی تھے کہ واپس (مدینہ منورہ) تشریف لے آئے۔

فائدہ...... ’’عشیرہ‘‘ مدینہ منورہ اور مکہ مکرمہ کے درمیان ’’ینبع‘‘ کے قریب ’’بنومدلج‘‘ کی جگہ اور مقام کا نام ہے۔اس غزوہ میں بعض کے نزدیک ایک سو پچاس اور بعض کے نزدیک دو سو کی تعداد میں مہاجرین آپ ﷺ کے ساتھ تھے۔

۴......غزوۂ سفوان/غزوۂ بدر صغریٰ/غزوۂ بدر اولیٰ

ابن اسحاق ؒ کہتے ہیں کہ (غزوۂ عشیرہ سے واپسی کے بعد) رسول اللہ ﷺ کرز بن جابر کی تلاش اور اس کے تعاقب میں تشریف لے گئے۔اس نے مدینہ منورہ کی چراگاہ پر شب خون مارا اور لوگوں کے اونٹ اور بکریاں لے بھاگا تھا۔چنانچہ رسول اللہ ﷺ (یہ خبر سنتے ہی اس کے تعاقب میں) مقام سفوان تک پہنچے مگر وہ نکل چکا تھا۔اس لئے (بغیر کسی لڑائی کے) مدینہ منورہ کی طرف مراجعت فرمائی۔اس غزوہ میں رسول اللہ ﷺ جمادی الاخریٰ میں تشریف لے گئے تھے اور رجب میں واپس آئے اور سفوان چونکہ بدر کے قریب ایک جگہ کا نام ہے (تعاقب میں آپ ﷺ اس مقام تک گئے تھے) اس لئے اس غزوہ کو غزوۂ بدر اولیٰ (یا غزوہ بدر صغریٰ) بھی کہا جاتا ہے۔علی بن محمد ؒ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ پھر قبیلہ جہینہ کی طرف نصف شعبان میں تشریف لے گئے تھے اور بغیر لڑائی کے واپس تشریف لے آئے۔

فائدہ...... یہ کرز بن جابر مشرکین کے سرداروں میں سے تھا۔بعد میں مشرف بہ اسلام ہوئے اور آپ ﷺ کی صحبت میں رہے۔سریۃ العرنیین میں آپ ﷺ نے اسے امیر بنایا۔فتح مکہ میں یہ شہید ہوئے۔

۵......غزوۂ بدر کبریٰ

ابن اسحاق ؒ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو (شروع رمضان میں) یہ خبر پہنچی کہ ابوسفیان قریش کا تجارتی قافلہ ملک شام سے مکہ لا رہا ہے (اور مال واسباب سے لدا بھرا ہوا ہے) تو رسول اللہ ﷺ اس کے حصول کے لئے تشریف لے گئے۔ابن اسحاق ؒ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ ۳ر رمضان المبارک بدھ کے روز اس کے تعاقب کے لئے تشریف لے گئے۔(مگر وہ بچ کر ساحل سمندر سے ہوتے ہوئے نکل گئے) اس غزوہ کو غزوۂ بدر کبریٰ کہتے ہیں۔ابن اسحاق ؒ کہتے ہیں کہ مجھے ابوجعفر محمد بن علی ؒ نے بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ غزوہ بدر کا واقعہ ۱۷ر رمضان المبارک بروز جمعہ کو پیش آیا تھا۔یزید بن زریع ؒ نے سعید ؒ

اور قتادہ ؓ کے حوالے سے اسی طرح بیان فرمایا ہے۔ خلیفہ بن خیاط ؒ کہتے ہیں کہ ہمیں امام ابوداؤد ؒ نے شعبہ ؒ، اسحاق ؒ، حجیر ؒ اور علقمہ ؒ کے حوالے سے بیان کیا اور اسود ؒ نے حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ کے حوالے سے نقل کیا کہ حضرت عبداللہ ؓ نے فرمایا کہ لیلۃ القدر کو رمضان المبارک کی ۱۹ یا ۲۱ شب میں تلاش کرو۔ کیونکہ غزوۂ بدر میں مسلمانوں اور مشرکین مکہ کی جماعتیں انہی دنوں میں ملی تھیں (اور ان کی باہم جنگ انہی دنوں میں ہوئی تھی) خلیفہ ؒ کہتے ہیں کہ ہمیں ابونعیم فضل بن دکین نے عمرو بن عثمان بن موہب ؒ کے حوالے سے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے موسیٰ بن طلحہ سے یہ کہتے ہوئے سنا جب ان سے یوم بدر کے متعلق دریافت کیا گیا (کہ غزوۂ بدر کس تاریخ کو واقع ہوا؟) تو فرمایا کہ غزوہ بدر رمضان المبارک کی ۱۷ یا ۱۹ تاریخ کو ہوا تھا۔ بقی بن مخلد ؒ کہتے ہیں کہ مجھے خلیفہ بن خیاط ؒ نے سلیمان بن داؤد، ہشیم اور حصین بن عبدالرحمٰن ؒ کے حوالے سے بیان کیا کہ حضرت عبداللہ بن شداد ؓ فرمایا کرتے تھے کہ مسلمانوں اور مشرکین مکہ کی جماعتوں کا اجتماع اور باہم لڑائی ۱۹ رمضان المبارک کو ہوئی تھی۔

۶...... غزوۂ قرقرۃ الکدر

ابن اسحاق ؒ کہتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ نے رمضان المبارک کے آخر میں بدر سے مراجعت فرمائی (اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ شروع شوال میں مراجعت فرمائی) تو چند روز مدینہ منورہ میں قیام فرمایا۔ پھر یہ خبر ملی کہ بنوسلیم دشمنان اسلام کا اجتماع موضع کدر پر ہوا ہے تو آپ ﷺ شوال المکرم کے شروع میں بنوسلیم کے ساتھ لڑنے کے لئے (دوسو آدمیوں کے ساتھ) بہ نفس نفیس خروج فرمایا۔ جب آپ چشمہ کدر پر پہنچے تو (معلوم ہوا کہ دشمنان اسلام پہلے ہی سے خبر پاکر منتشر ہوگئے ہیں تو) تین روز قیام فرماکر بلا جدال وقتال واپس تشریف لے آئے۔ ابن اسحاق ؒ کہتے ہیں کہ اس غزوہ میں جاتے ہوئے آپ ﷺ نے مدینہ منورہ اپنا قائم مقام محمد بن مسلمہ ؓ کو بنایا اور ابن اسحاق ؒ نے یہ بھی کہا کہ رسول اللہ ﷺ (اس غزوہ میں) شروع شوال میں تشریف لے گئے اور دس شوال تک مراجعت فرمائی۔

فائدہ...... ”قرقرہ“ سفید چٹیل میدان کو کہتے ہیں اور کدر خاکستری رنگ کے پرندوں کو کہا جاتا ہے۔ یہ جگہ ”قرقرۃ الکدر“ کے نام سے اس لئے کہلوائی کہ یہ جگہ خاکستری رنگ کے پرندوں کا مستقر تھا۔

۷...... غزوۃ السویق

ابن اسحاق ؒ کہتے ہیں کہ مجھے جعفر بن زبیر اور یزید بن رومان نے بیان کیا کہ جب ابوسفیان اپنے تجارتی قافلہ کے ساتھ اور مشرکین کا لشکر ہزیمت خوردہ ہوکر خائب وخاسر مکہ مکرمہ پہنچا تو اس نے قسم کھائی کہ جب تک محمد (ﷺ) سے انتقام نہیں لے لوں گا اس وقت تک غسل جنابت نہ کروں گا (اور گھی کا استعمال

بھی نہیں کروں گا) چنانچہ اپنی قسم پوری کرنے کے لئے قریش کے دوسو سواروں کو لے کر مدینہ منورہ کی طرف روانہ ہوا اور (مقام عریض تک) پہنچا۔ رسول اللہ ﷺ کو جب علم ہوا۔ (چونکہ ابوسفیان مع اپنے لشکر کے شروع ذی الحجہ میں روانہ ہوا تھا) تو آپ ﷺ بھی (۵ ذی الحجہ کو) ان کے تعاقب میں (دوسو مہاجرین وانصار کو لے کر) روانہ ہوئے۔ یہاں تک کہ ''قرقرۃ الکدر'' تک تشریف لے گئے۔ مگر یہ پہلے ہی نکل گئے۔ (کیونکہ ان پر ایسا خدائی رعب طاری ہوا کہ سر پر پاؤں رکھ کر مکہ مکرمہ کا رخ کیا اور اپنا بوجھ ہلکا کرنے کے لئے ستو کی بوریا گرائے گئے۔ مسلمانوں نے ان بوریوں کے علاوہ دیگر ساز وسامان کو بھی غنیمت بنایا) اس لئے بلا جنگ وجدال آپ کامیاب واپس تشریف لائے۔ علی بن محمد ؒ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ۷ ذی الحجہ بروز اتوار کو تشریف لے گئے تھے اور ۸ ذی الحجہ بروز سوموار کو واپس تشریف لائے۔

فائدہ...... ''سویق'' عربی زبان میں ستو کو کہتے ہیں۔ چونکہ اس غزوہ میں قریش ستو ساتھ لائے تھے اور مسلمانوں کو وہ بطور غنیمت کے حاصل ہوا۔ اس لئے اس غزوہ کا نام ''غزوۃ السویق'' (یعنی ستو والا غزوہ) پڑ گیا۔ جاری ہے!

ملک بھر میں ۶۰ کالعدم تنظیموں کے صدقات اور فطرانہ لینے پر پابندی عائد

رحیم یارخان (کرائم رپورٹر) وفاقی وزارت داخلہ نے پاکستان بھر میں ۶۰ کالعدم تنظیموں پر صدقات فطرات اور خیرات وصول کرنے پر پابندی عائد کر دی۔ قربانی کی کھالیں بھی اکٹھی کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔ تفصیل کے مطابق وفاقی وزارت داخلہ نے ملک بھر میں ۶۰ کالعدم تنظیموں کے صدقہ، خیرات اور فطرات جمع کرنے پر پابندی عائد کر دی ہے۔ جن تنظیموں پر پابندی عائد کی گئی ہے کہ ان میں سپاہ صحابہ پاکستان، لشکر طیبہ، تحریک جعفریہ پاکستان، تحریک شریعت نفاذ محمدی، تحریک اسلامی، القاعدہ، ملت اسلامیہ پاکستان، خدام الاسلام، اسلامی تحریک پاکستان، جمعیت الانصر، جمعیت الفرقان، حزب التحریر، خیر الناس انٹرنیشنل ٹرسٹ، بلوچستان لبریشن آرمی، اسلامک سٹوڈنٹس موومنٹ آف پاکستان، لشکر اسلام، انصار الاسلام، حاجی نامدار گروپ، تحریک طالبان پاکستان، بلوچستان ری پبلکن آرمی، بلوچستان لبیشن فرنٹ، لشکر بلوچستان، بلوچستان لبریشن یونائیٹڈ فرنٹ، بلوچستان مسلح دفاع تنظیم، شیعہ طلباء ایکشن کمیٹی گلگت، پیپلز امن کمیٹی، اہل سنت والجماعت، الحرمین فاؤنڈیشن، رابطہ ٹرسٹ، انجمن امامیہ گلگت بلتستان، مسلم سٹوڈنٹس آرگنائزیشن گلگت بلتستان، تنظیم اہل سنت والجماعت گلگت بلتستان، بلوچستان بنیاد پرست آرمی، تحریک نفاذ امن، تحفظ حدود اللہ، بلوچستان واجا لبریشن آرمی، خانہ حکمت، تحریک طالبان سوات، تحریک طالبان مہمند، طارق گیدڑ گروپ، عبداللہ اعظم بریگیڈ، ایسٹ ترکمانستان اسلامک موومنٹ، اسلامک موومنٹ آف ازبکستان، اسلامک جہاد یونین، ۳۱۳ بریگیڈ، تحریک طالبان باجوڑ، امر بالمعروف نہی عن المنکر، بلوچ سٹوڈنٹ آرگنائزیشن آزاد، یونائیٹڈ بلوچ آرمی، جئے سندھ متحدہ محاذ اور یو این ایس بی آر کے تحت رکھی گئی تنظیموں میں جماعۃ الدعوۃ اور الاختر ٹرسٹ شامل ہیں۔ مذکورہ کالعدم تنظیموں پر قربانی کی کھالیں اکٹھی کرنے پر بھی مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ (روزنامہ نوائے وقت ملتان 6 جون 2016ء)

مولانا عبدالکریم مباہلہ ؒ

ملخص:مولانا فقیر اللہ اختر

قادیانیت کے قصر گمراہی سے نجات پانے والوں میں سب سے بلند نام تو حضرت مولانا لال حسین اختر ؒ کا ہے۔ان کو مرزا غلام احمد قادیانی کا خاص تربیت یافتہ کہا جاتا تھا اور جب حضرت مولانا لال حسین اختر ؒ نے اپنے گلے سے قادیانیت کے طوق کو اتار کر پھینکا اور اپنے آپ کو ختم نبوت کی زنجیر سے ایسا باندھا کہ قادیانیت کی چولیں ہل کر رہ گئیں۔قادیانیت کی چھت میں ایک اور شگاف مولانا عبدالکریم مباہلہ کی بغاوت ہے۔وہ قادیان کے رہنے والے مرزا قادیانی کے ماحول کے دیوانے اور پرجوش مبلغ اور ترجمان تھے۔مولانا عبدالکریم مباہلہ ؒ قادیانیت سے نہایت مخلص تھے اور ہر قادیانی کو عقیدت واحترام کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور جب ان پر اللہ رب العزت کا خاص فضل ہوا اور حضور ﷺ کی غلامی اختیار فرمائی ان کے سامنے قادیانی قیادت کے سیاہ کرتوت کھل کر سامنے آگئے۔انہوں نے خود اپنی آنکھوں سے مرزا محمود کو زنا کرتے ہوئے دیکھا تو عقیدت واحترام کی عمارت ٹوٹ کر گر پڑی۔اصولی بات ہے جب عقیدت ٹوٹتی ہے تو انسان خود ٹوٹ پھوٹ جاتا ہے۔مگر عبدالکریم مباہلہ ؒ بہادر اور حوصلہ مند انسان تھے۔سب کچھ برداشت کرلیا۔ابتداء میں کوشش کی کہ مرزا محمود اپنے کرتوتوں سے باز آجائے مگر جب چہرے پر بدبختی کا اشتہار چسپاں ہو وہ کیونکر باز آسکتا ہے۔باز آنا تو کجا مرزا محمود نے مولانا عبدالکریم مباہلہ ؒ کو للکارنا شروع کردیا۔گویا الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے کا مصداق ہے۔

اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ مولانا عبدالکریم مباہلہ ؒ قادیانیوں کے مد مقابل آگئے۔مرزا محمود قادیانی نے مولانا عبدالکریم مباہلہ ؒ کی پٹائی کرادی۔اس پر مولانا عبدالکریم ؒ نے قادیان کے باسیوں کو مرزا محمود کی بدمعاشیوں سے آگاہ کیا۔مرزا محمود انتقام پر اتر آیا اور مولانا عبدالکریم ؒ کے مکان کو آگ لگوادی۔مولانا عبدالکریم ؒ نے مرزا محمود کو اپنی پاکدامنی ثابت کرنے کے لئے مباہلہ کا چیلنج دیا جس کی وجہ سے مولانا عبدالکریم مباہلہ پڑ گیا۔مرزا محمود مولانا عبدالکریم ؒ کے قتل کے درپے ہوا۔قدرت خدا کی کہ اس دن مولانا ؒ گھر نہیں تھے اور کوئی دوسرا ساتھی سویا ہوا تھا۔مولانا ؒ کی جگہ اس کی جان گئی۔قتل اور قاتلانہ حملہ کا معاملہ عدالت میں گیا۔مولانا عبدالکریم ؒ نے قادیان سے مباہلہ کے نام سے اخبار نکالا۔مقدمہ قتل کی کارروائی اس میں چھپی۔اس سے مرزا محمود کے اوسان بھی خطا ہوگئے۔مرزا محمود کے اس ساتھی کو سزائے موت بھی ہوگئی۔مولانا عبدالکریم مباہلہ ؒ حالات کے پیش نظر امرتسر منتقل ہوگئے۔تقسیم ہند پر وہ لاہور ہجرت کرکے آئے اور ان کا انتقال بھی لاہور ہی ہوا۔مولانا مرحوم نے مباہلہ پاکٹ بک،خود کاشتہ پودا

اور حقیقت مرزائیت کے نام سے رسائل لکھے ہیں۔ ان میں انہوں نے قادیانیت کا مکروہ چہرہ دکھایا ہے۔ مباہلہ پاکٹ بک کا تعارف کراتے ہوئے مولانا عبدالکریم مباہلہ ؒ لکھتے ہیں۔ اس پاکٹ بک کے مطالعہ سے آپ پر یہ بات واضح ہو جائے گی کہ اس کی اشاعت سے ہر مسلمان تھوڑے وقت میں قادیانیت کی حقیقت سے واقف ہو جائے اور جواب دینے کے لئے ایک کامیاب مبلغ بن جائے۔ انہوں نے دیباچہ میں مزید لکھا کہ ایک معمولی پڑھا لکھا شخص اس کا مطالعہ کر کے قادیانیوں کو لاجواب کر سکے۔ مگر ہر کام کے لئے ایک وقت مقرر ہوتا ہے اس خدمت سے پہلے کچھ واقعات ایسے ہیں جو ہمیں قادیانی خلیفہ کے ہاتھوں پیش آئے جتنا عرصہ قادیان میں رہے ہر روز ایک نئی مصیبت کا سامنا ہوتا تھا۔ بالآخر خلیفہ قادیان نے ہمیں قادیان سے نکال دیا۔

مولانا عبدالکریم مباہلہ ؒ نے کتاب کی افادیت بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ میرے خیالات قیاس پر مبنی نہیں بلکہ تجربہ کی بنیاد پر ہیں۔ کیونکہ راقم الحروف (مولانا عبدالکریم ؒ) خود عرصہ سولہ سترہ برس قادیانیت کا شکار رہ چکا ہے۔ معمولی قادیانی نہیں بلکہ انیری بلاتنخواہ مبلغ ہوتے ہوئے میں قادیانی کی تبلیغ کرنا اپنا فرض سمجھتا تھا۔ مگر خداوند کریم کے فضل واحسان نے قادیانی کی حقیقت کو مجھ پر آشکارہ کر دی اور اس گروہ کی اندرونی حالات پڑھ کر یہ بات مجھ پر کھلی کہ یہ کوئی مذہبی جماعت نہیں بلکہ تجارتی کمپنی ہے۔ قادیانیت کی حقیقت کو آشکارا کرنے کے لئے مزید لکھتے ہیں کہ قادیانی کمپنی نے وفات مسیح علیہ السلام اور امکان نبوت کے مسئلہ کو صرف اور صرف اپنے عقائد میں شامل کر رکھا ہے تا کہ انہیں دنیا مذہبی گروہ خیال کرے۔ قادیانی کمپنی کو خوب معلوم ہے کہ اس اختلاف کے موجد وہ خود نہیں ہیں بلکہ بہاءاللہ ایرانی یا ہمارے زمانے کے چند نئی روشنی کے پروردہ لوگ ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے خیالات کی روشنی میں قادیانی کمپنی اپنا مذہب یا بالفاظ دیگر کاروبار شروع کیا۔ ان مسائل پر قادیانی کمپنی نے اس لئے حد سے زیادہ زور دیا تا کہ دنیا یہی سمجھے کہ اہل اسلام اور قادیانیوں کا اختلاف ایک مذہبی اختلاف ہے۔ مولانا عبدالکریم مباہلہ ؒ کا دوسرا پمفلٹ حقیقت مرزائیت ہے۔ چوہتر (۷۴) صفحات پر مشتمل اس کتابچہ میں قادیانیت کا مکروہ چہرہ دکھایا ہے۔ مولانا عبدالکریم مباہلہ ؒ لکھتے ہیں کہ برادران اسلام سے یہ امر پوشیدہ نہیں کچھ عرصہ سے ہمارے صوبہ پنجاب میں ایک گروہ پیدا ہوا ہے وہ اپنے جھوٹے دعویٰ سے مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے لئے اپنی مریدی کی دعوت دے رہا ہے۔ جس کو عرف عام میں قادیانی کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اسلام میں یہ کوئی نیا فتنہ نہیں بلکہ تاریخ اسلام اس امر پر شاہد ہے۔ اس قسم کے فتنے وقتاً فوقتاً پیدا ہوتے رہے۔ مگر ہمیشہ ہی اسلام تمام فرقوں فتنوں پر ہمیشہ غالب رہا۔ خود کاشتہ پودا چار ورقی پمفلٹ ہے۔ اس میں مولانا عبدالکریم ؒ نے مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کی ذریت اور پشت پناہ قوتوں کو اجاگر کیا ہے۔ (تلخیص: احتساب قادیانیت جلد۲۷)

حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

مولانا توصیف احمد

حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ یکم ربیع الاول ۱۳۱۰ ہجری (۱۸۹۱) عیسوی کی چاند رات کو پٹنہ میں پیدا ہوئے۔ ددھیال کی طرف سے آپ کا نام سید عطاء اللہ شاہ بخاری ننھیال کی طرف سے شرف الدین رکھا گیا۔ والد ماجد کا نام ضیاء الدین رحمۃ اللہ علیہ، دادا کا نام نور الدین رحمۃ اللہ علیہ، اور پردادا کا نام سید محمد شاہ رحمۃ اللہ علیہ تھا۔ شاہ جی رحمۃ اللہ علیہ کا سلسلہ نسب ۳۹ ویں پشت میں حضرت امام حسنؓ سے ملتا ہے۔ چار برس کے تھے کہ والدہ کا سایہ عاطفت سر سے اٹھ گیا۔ فارسی کی کتابیں ننھیال ہی میں پڑھیں۔ ۱۹۱۴ء میں امرتسر سکونت اختیار کی۔ مولانا نور احمد رحمۃ اللہ علیہ سے تفسیر قرآن، مولانا غلام مصطفیٰ قاسمی رحمۃ اللہ علیہ سے فقہ، مفتی محمد حسن رحمۃ اللہ علیہ سے حدیث پڑھی۔ قرآن پاک دادا جی رحمۃ اللہ علیہ سے حفظ کیا۔ غضب کے خوش الحان تھے۔ تلاوت کرتے تو مسجد کے دروازے پر مسلمانوں کے علاوہ ہندوؤں کی بھیڑ لگ جاتی تھی۔

حضرت شاہ جی رحمۃ اللہ علیہ میں گدی نشینوں کی سی انسان آزاری بالکل نہ تھی۔ البتہ ان میں اپنے سید ہونے کا جائز فخر تھا اور اس فخر و شرف کا تذکرہ کرتے۔ ایک دن دہلی دروازہ کے باغ میں مدح صحابہ کرامؓ پر تقریر کر رہے تھے کہ کسی نے اعتراض کیا۔ شاہ جی رحمۃ اللہ علیہ غضب کرتے ہو؟ سید ہو کے ابوبکرؓ و عثمانؓ کی مدح؟۔ بس تاؤ میں آگئے۔ اپنے گھنگریالے بالوں پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا: تم کون ہو مجھے ٹوکنے والے۔ جاؤ میں علیؓ کا بیٹا، ابوبکرؓ و عثمانؓ کی مدح کرتا ہوں۔ یہ علیؓ کا بیٹا ہی جانتا ہے کہ ان کا رتبہ کیا ہے۔ ایرے غیرے نتھو خیرے کیا جانیں کہ شیخین کا مقام کیا ہے۔

۱۳/ اپریل ۱۹۱۹ء کو امرتسر کے لوگ اپنے سرکردہ راہنماؤں کی گرفتاری کے خلاف احتجاج کرنے جلیاں والا باغ میں اکٹھے ہوئے۔ لیکن جنرل ڈائر کی گولیوں کا نشانہ بن گئے اور پانچ سو ہندوستانی شہید ہوئے اور لاتعداد زخمی ہوئے۔ اس اندوہناک واقعہ سے ملک کی تاریخ پلٹا کھا گئی اور سیاسی لیڈر شپ پہلے ہاتھوں سے نکل کر نئے ہاتھوں میں آگئی۔ یہ زمانہ مہاتما گاندھی، مولانا ابوالکلام آزاد رحمۃ اللہ علیہ، پنڈت موتی لال نہرو کا سر آغاز تھا۔ ملک اس نئی لیڈر شپ کے ہاتھ میں جا رہا تھا۔ شاہ جی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ مولانا ابوالکلام آزاد رحمۃ اللہ علیہ کے ''الہلال'' نے ان کی کایا پلٹ دی اور مولانا ظفر علی خان کے ''زمیندار'' و ''ستارہ صبح'' نے انہیں حریت پسندوں کے قافلے میں شامل کر دیا۔ اس کے بعد جلسہ عام میں شاہ جی رحمۃ اللہ علیہ کی تقریریں ہوئی۔ ان تقاریر سے آپ کی سیاسی زندگی کا آغاز ہوا۔

حضرت شاہ جی ؒ نے ۱۹۴۹ء میں مجلس تحفظ ختم نبوت کی بنیاد رکھی اور آپ ہی امیر اول منتخب ہوئے۔ آپ محبت رسول ﷺ سے مالامال ایک خوبصورت شخصیت کے مالک تھے۔ شاہ جی ؒ بلاشبہ برصغیر پاک وہند کے سب سے بڑے خطیب تھے۔ ان کی پوری زندگی تحفظ ختم نبوت میں گزری۔

حضرت شاہ جی ؒ نے فرمایا کہ زندگی کیا ہے۔ تین چوتھائی ریل میں کٹ گئی۔ ایک چوتھائی جیل میں۔ جتنے دنوں باہر رہا لوگ گلے کا ہار ہوتے رہے۔ آج کلکتہ کل ڈھاکا، ڈھاکا سے لکھنؤ، لکھنؤ سے بمبئی، پھر آگرہ، آگرہ سے دہلی، دہلی سے لاہور، لاہور سے پشاور، پشاور سے کراچی، ذرا ہندوستان کے دیہات اور قصبات کا اندازہ کرلو۔ ہر کہیں گھوما پھرا ہوں۔ سال کے تین سو پینسٹھ دنوں میں تین سو چھیاسٹھ تقریریں کی ہوں گی۔ دن کہیں، صبح کہیں، شام کہیں، رات کہیں۔ حضرت شاہ جی ؒ ایک سچے عاشق رسول تھے۔ آپ کے ہر لفظ سے محبت رسول چھلکتی تھی۔ ۱۹۵۰ء میں حضرت امیر شریعت ؒ نے ختم نبوت کی حفاظت کے متعلق تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ: ”ختم نبوت کی حفاظت میرا جزو ایمان ہے۔ میں آپ ﷺ کے سوا کسی کا نہیں۔ نہ اپنا، نہ پرایا۔ میں آپ ﷺ کا ہوں اور آپ ﷺ میرے ہیں۔ جن کے حسن وجمال کو خود رب کعبہ نے قسمیں کھا کھا کر آراستہ کیا ہو۔ میں ان کے حسن وجمال پر نہ مرمٹوں تو لعنت ہے مجھ پر اور لعنت ہے ان پر جو آپ ﷺ کا نام تو لیتے ہیں۔ لیکن سارقوں کی خیرہ چشمی کا تماشہ دیکھتے ہیں۔“

حضرت شاہ جی ؒ نے ایک دفعہ تقریر میں فرمایا قادیان کانفرنس کے خطبے پر دفعہ ۱۵۳ کے تحت مجھ پر مقدمہ چلایا جارہا ہے۔ اس کی سزا زیادہ سے زیادہ صرف دو سال قید ہے۔ میرا جرم یہ ہے کہ میں محمد رسول اللہ ﷺ کا خادم ہوں۔ اس جرم میں یہ سزا بہت کم ہے۔ میں رسول اللہ کی ناموس پر ہزار جان سے قربان ہونے کو تیار ہوں۔ مجھے شیروں اور چیتوں سے ٹکڑے ٹکڑے کرا دیا جائے اور کہا جائے کہ تجھے بجرم عشق مصطفیٰ ﷺ یہ تکلیفیں دی جارہی ہیں تو میں خندہ پیشانی سے اس سزا کو قبول کروں گا۔ میرا آٹھ سالہ بچہ عطاء المنعم اور اس جیسے خدا کی قسم ہزار بچے رسول اللہ ﷺ کی کشش پر سے نچھاور کردوں گا۔

ایک دفعہ مرزا قادیانی کا پوسٹ مارٹم کرتے ہوئے کہا کہ تم دیکھئے لوگ کس قدر بے بصیرت ہیں۔ کتنے عاقبت نااندیش ہیں کہ لباس نبوت کس کے بدن پر مزین کرنے کی سعی میں مصروف ہیں۔ جسے گڑ اور مٹی کے ڈھیلے میں تمیز نہیں۔ جسے جوتا پہننے کا سلیقہ نہیں۔ دایاں بائیں میں، بایاں دائیں میں۔ گڑ سے استنجا کیا جارہا ہے اور مٹی کھائی جارہی ہے۔

دیکھا! آپ ﷺ کی عزت پر ڈاکہ ڈالا تو خدائے غیور نے عقل ہی سلب کرلی اور مخبوط الحواس بنادیا۔ تصویر کا ایک رخ تو یہ ہے کہ کہ مرزا غلام قادیانی میں یہ کمزوریاں اور عیوب تھے۔ اس کے نقوش میں توازن نہ تھا۔ قدوقامت میں تناسب نہ تھا۔ اخلاق کا جنازہ تھا۔ کریکٹر کی موت تھا۔ سچ کبھی بولتا نہ تھا۔

معاملات کا درست نہ تھا۔ بات کا پکا نہ تھا۔ بزدل اور ٹوڈی تھا۔ تقریر و تحریر ایسی کہ پڑھ کر گھن ہونے لگتی ہے۔

اگر اس میں کوئی کمزوری بھی نہ ہوتی۔ وہ مجسمہ حسن ہوتا۔ قویٰ میں تناسب ہوتا۔ چھاتی ۴۵ انچ ہوتی۔ کمر ایسی ہوتی کہ سی آئی ڈی کو بھی پتہ نہ چلتا، بہادر بھی ہوتا۔ مرد میدان ہوتا۔ کریکٹر کا آفتاب ہوتا۔ خاندان کا ماہتاب ہوتا۔ شاعر ہوتا۔ فردوسی وقت ہوتا۔ ابوالفضل اس کا پانی بھرتا۔ خیام اس کی چاکری کرتا۔ غالب اس کا وظیفہ خوار ہوتا۔ انگریزی کا شیکسپیئر اور اردو کا ابوالکلام آزاد ہوتا۔ پھر نبوت کا دعویٰ کرتا تو پھر کیا ہم اسے نبی مان لیتے؟ نہیں۔ نہیں۔

میں تو کہتا ہوں کہ اگر خواجہ غریب نواز اجمیری ؒ، سید عبدالقادر جیلانی ؒ، امام ابوحنیفہ ؒ، امام بخاری ؒ، امام شافعی ؒ، ابن تیمیہ ؒ، غزالی ؒ، حسن بصری ؒ، بھی نبوت کا دعویٰ کرتے تو کیا ہم انہیں نبی مان لیتے؟ علیؓ دعویٰ کرتے کہ جسے تلوار حق نے دی اور بیٹی نبی نے دی۔ سیدنا ابوبکر صدیقؓ، سیدنا عمر فاروقؓ، اور سیدنا عثمان غنیؓ بھی دعویٰ کرتے تو کیا بخاری انہیں نبی مان لیتا؟ نہیں اور ہرگز نہیں۔ آپ ﷺ کے بعد کائنات میں کوئی انسان ایسا نہیں جو تخت نبوت پر سج سکے اور تاج امامت و رسالت جس کے سر پر ناز کر سکے۔ وہ ایک ہی ہے جس کے دم قدم سے کائنات میں نبوت سرفراز ہوئی۔

ایک مرتبہ خواجہ ناظم الدین کو جھنجوڑتے ہوئے کہا کہ کوئی ہے جو میری یہ ٹوپی خواجہ ناظم الدین کے پاؤں پر رکھ دے اور انہیں میری طرف سے یہ یقین دلائے کہ مجھے اپنا سیاسی حریف نہ سمجھیں۔ اگر وہ محسن کائنات جناب رسالت مآب ﷺ کے ناموس اور عزت کا تحفظ کر دیں۔ تو میں اپنی زندگی میں ان کا خدمت گزار رہوں گا۔ حتیٰ کہ ان کی گلی میں اگر سؤر بھی ہوں گے تو انہیں بھی چراتا رہوں گا۔

۱۶ر نومبر ۱۹۵۴ء کو نماز عشاء کے لئے آپ وضو کر رہے تھے کہ انہیں اپنی انگلی پر فالج کا اثر محسوس ہوا۔ فرمایا میں کلمہ پڑھنے لگا اور انگلی پر لانبی بعدی کا ورد کر کے پھونکتا رہا تو اللہ نے فوراً شفاء دے دی۔ ۲ر جنوری ۱۹۶۱ء کو فالج کا دوسرا شدید حملہ ہوا۔ اس سے آپ بے بس ہو گئے۔ پھر اسی سال ۱۶ر مارچ کو دوبارہ حملہ ہوا جس نے آپ کے زبان اور گلے کو معطل کر دیا۔ بیماری شاہانہ، علاج فقیرانہ۔ فقر و فاقہ کہاں متحمل ہوتے؟ نشتر میڈیکل کالج اور دیگر کئی حکماء سے علاج چلتا رہا۔ لیکن مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔

آخر ۲۱ر اگست ۱۹۶۱ء کو چھ بجکر ۵۵ منٹ پر سنوائی آ گئی۔ کلمہ طیبہ پڑھا اور اردو زبان کا یہ سب سے بڑا خطیب جس نے ایک تہائی صدی تک سیاسی قبرستانوں اور شرعی بت کدوں میں اذانیں دی تھیں اپنے خالق حقیقی سے جا ملا۔ ۲۲ر اگست شام پانچ بجے کے لگ بھگ آپ کے فرزند اکبر سید ابوذر بخاری ؒ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ دو لاکھ سے زائد افراد نے شرکت کی۔ شام ساڑھے چھ بجے انسانی عظمتوں اور شرافتوں کا یہ پیکر باغ لنگے خان کے نزدیک جلال باقری کے مشہور قبرستان میں ابدی نیند سو گیا۔

عقیدہ ختم نبوت اور ایک قادیانی مغالطہ

مولانا زاہد الراشدی

یکم جون کو چناب نگر کے مرکز ختم نبوت میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے سالانہ کورس کی ایک نشست میں قادیانیت کے بارے میں قدرے تفصیلی گفتگو کا موقع ملا جس کا خلاصہ نذر قارئین ہے:

بعد الحمد والصلوۃ۔ عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ اور ردقادیانیت کے محاذ پر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ہمارا سب سے بڑا فورم ہے جو نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر میں اپنے مشن میں مسلسل مصروف عمل رہتا ہے اور چناب نگر کا یہ سالانہ تربیتی کورس بھی اسی کا حصہ ہے۔ مجھے آج آپ سے ایک دو حوالوں سے کچھ بات کرنی ہے۔ ایک یہ کہ قادیانی مذہب کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ ایک الگ مذہب ہے جس کی بنیاد نبوت اور وحی کے دعویٰ پر ہے جس میں اسلام کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اس لئے ہمارا قادیانیوں کے ساتھ بنیادی تنازعہ یہی ہے کہ جب وہ اسلام سے الگ ایک جداگانہ مذہب رکھتے ہیں تو انہیں اپنے نئے اور الگ مذہب کے لئے اسلام کا نام اور مسلمانوں کی مخصوص اصطلاحات استعمال کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔

اس بات کو واضح کرنے کے لیے میں گزشتہ کئی عشروں سے مختلف فورموں پر یہ بات کہتا آ رہا ہوں کہ نئے نبی اور نئی وحی کے ساتھ مذہب تبدیل ہو جاتا ہے۔ جس طرح عیسائی لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور توراۃ پر ایمان رکھنے کے باوجود حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور انجیل پر ایمان لانے کی وجہ سے یہودیوں سے الگ ہو گئے تھے اور ان کا مذہب مسیحی مذہب کہلاتا ہے اور جس طرح ہم مسلمان حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور توراۃ وانجیل دونوں پر ایمان رکھنے کے باوجود حضرت محمد رسول اللہ ﷺ اور قرآن پر ایمان لانے کی وجہ سے دونوں سے الگ ہو گئے ہیں اور یہودی یا عیسائی کہلانے کی بجائے مسلمان کہلاتے ہیں۔ اسی طرح قادیانی بھی مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کی وحی پر ایمان لانے کے بعد ایک الگ مذہب رکھتے ہیں اور مسلمان کہلانے کے حقدار نہیں رہے۔

چنانچہ نئی نبوت کے غلط ہونے سے قطع نظر مفروضی صورتحال کا منطقی اور فطری تقاضہ بھی یہی ہے کہ وہ اپنے مذہب کے لیے الگ نام طے کریں۔ وہ مسلمانوں کی مخصوص مذہبی اصطلاحات استعمال نہ کریں اور خود کو خواہ مخواہ مسلمان کہلانے کی ضد چھوڑ دیں۔ ان کی اس بے جا ضد نے تنازعہ کو بلاوجہ طول دے رکھا ہے۔ اگر وہ اپنے بارے میں ملت اسلامیہ کا اجتماعی اور اجماعی فیصلہ قبول کر کے ہٹ دھرمی ترک کر دیں تو اس تنازعہ کی شدت بہت کم ہو جائے گی۔ کیونکہ پاکستان میں ایک غیر مسلم اقلیت کے طور پر ان کا معاشرتی وجہ

دستوری طور پر تسلیم کیا جا چکا ہے اور ان کے اس حیثیت سے پاکستانی معاشرہ کا حصہ رہنے اور ان کے شہری، مذہبی اور معاشرتی حقوق پر کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہے۔ چنانچہ اگر انہیں پاکستان میں اپنے حقوق متاثر ہونے کی شکایت ہے تو اس کی ذمہ داری مسلمانوں پر نہیں۔ بلکہ خود قادیانیوں پر ہے۔ کیونکہ تنازعہ حقوق کا نہیں معاشرتی اسٹیٹس کا ہے جو دستور میں طے ہے۔ مگر اسے تسلیم کرنے سے مسلسل انکار کر کے قادیانیوں نے اس تنازعہ کو بلاوجہ باقی رکھا ہوا ہے۔

ہماری یہ کمزوری ہے کہ ہم دنیا پر یہ بات واضح نہیں کر پا رہے کہ جھگڑا حقوق کا نہیں بلکہ حقوق کے ٹائٹل کا ہے۔ جبکہ قادیانیوں نے باہر کی دنیا کو یہ باور کرا رکھا ہے کہ پاکستان میں ان کے مذہبی اور شہری حقوق پامال ہو رہے ہیں اور اسی بنیاد پر قادیانیوں کو بہت سے بین الاقوامی اداروں اور لابیوں کی حمایت حاصل ہو جاتی ہے۔ گزشتہ تین عشروں سے جس فورم پر بھی موقع ملتا ہے میں یہ بات وضاحت کے ساتھ عرض کرتا ہوں۔ چند سال قبل جنوبی افریقہ کے شہر کیپ ٹاؤن میں انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ اور مسلم جوڈیشل کونسل جنوبی افریقہ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی بین الاقوامی ختم نبوت کانفرنس میں بھی یہ بات میں نے قدرے تفصیل کے ساتھ عرض کی تو اس کی ویڈیو انٹرنیٹ پر آنے کی وجہ سے اسے دنیا بھر میں توجہ کے ساتھ سنا گیا اور بے شمار لوگوں نے اسے سراہا۔ اس کے ردعمل میں قادیانیوں نے انٹرنیٹ کے ایک پروگرام میں میری اس بات کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ: ''بنی اسرائیل میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد سینکڑوں پیغمبر آئے تھے اور ان پر وحی بھی آتی رہی ہے۔ لیکن ان کے آنے سے مذہب تبدیل نہیں ہوا۔ بلکہ یہودی مذہب کا عنوان مسلسل قائم رہا۔ اس لئے مولوی صاحب (یعنی زاہد الراشدی) کا یہ کہنا غلط ہے کہ نئے نبی اور نئی وحی کے آنے سے مذہب تبدیل ہو جاتا ہے۔''

بادی النظر میں قادیانیوں کا یہ اعتراض معقول نظر آتا ہے۔ اس لئے اس کا جواب میرے ذمہ ہے اور میں آج جناب نگری کی اس محفل میں یہ جواب عرض کرنا چاہتا ہوں۔

یہ بات درست ہے کہ بنی اسرائیل میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد سینکڑوں پیغمبر آئے تھے اور ان پر وحی آئی تھی۔ حتیٰ کہ حضرت داؤد علیہ السلام جیسے صاحب کتاب رسول آئے اور ان پر مستقل کتاب زبور نازل ہوئی۔ مگر اس سب کچھ کے باوجود ان سب کا مذہب یہودی رہا اور مذہب کے نام میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ لیکن اس کے ساتھ یہ بھی تاریخی حقیقت ہے کہ عیسائیوں کا مذہب یہودیوں سے الگ ہو جانے کی وجہ بھی نئی نبوت اور نئی وحی ہی تھی۔ کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور انجیل پر یہودیوں کا ایک حصہ ایمان لایا جو مسیحی کہلایا اور اس وقت کی یہودی اکثریت نے ایمان لانے سے انکار کر دیا جو یہودی ہی رہے۔ یہ جو تفریق ہوئی اور ایک مذہب کے اندر سے دوسرا مذہب الگ ہو گیا۔ اس کا باعث نئی نبوت اور نئی وحی تھی۔ ایمان نہ

لانے والے اپنے سابقہ مذہب کے پیروکار رہے اور ایمان لانے والے نئے مذہب کے پیروکار کہلائے۔

غلط یا صحیح کی بحث اپنی جگہ پر ہے۔لیکن تاریخی تناظر میں مرزاغلام احمد قادیانی کو بنی اسرائیل کے ان انبیاء کرام پر قیاس نہیں کیا جاسکتا جن کے آنے سے مذہب تبدیل نہیں ہوا تھا۔بلکہ اس کی حیثیت یہ ہے کہ ایک شخص نے نئی نبوت اور وحی کا دعویٰ کیا جسے قبول کرنے سے امت مسلمہ نے مجموعی طور پر انکار کر دیا جس کی وجہ سے وہ اور اس پر ایمان لانے والے پہلے مذہب کا حصہ رہنے کی بجائے نئے مذہب کے پیروکار کہلائے اور ان کا مذہب ایک الگ اور مستقل مذہب کے طور پر متعارف ہوا۔

ہم قادیانیوں سے یہی بات کہہ رہے ہیں کہ مرزاغلام احمد قادیانی کے نبوت اور وحی کے دعوے کو امت مسلمہ نے مجموعی طور پر قبول نہیں کیا۔اس لئے وہ امت مسلمہ کا حصہ نہیں رہے۔بلکہ ایک ایک الگ مذہب کی حیثیت رکھتے ہیں۔انہیں اس تاریخی اور معروضی حقیقت کو تسلیم کرنے سے انکار نہیں کرنا چاہیے۔کیونکہ دلیل و منطق اور تاریخی تسلسل کے دائرے میں ان کے مسلمانوں کا حصہ شمار ہونے کے دعوے کو کسی بھی درجہ میں تسلیم نہیں کیا جاسکتا۔یہ ایک بدیہی حقیقت ہے جس سے کوئی باشعور شخص انکار نہیں کرسکتا۔

اس سلسلہ میں دوسری بات یہ ہے کہ قادیانی دنیا بھر کو یہ دھوکہ دینے کی کوشش کر رہے ہیں کہ چونکہ مرزاغلام احمد قادیانی ان کے بقول مستقل نبی نہیں تھے۔بلکہ بنی اسرائیل کے انبیاء کرام علیہم السلام کی طرح امتی نبی تھے۔اس لئے ان کے دعویٰ نبوت سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔میں ان کے اس دعویٰ کا ایک اور حوالہ سے جائزہ لینا چاہتا ہوں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں مسیلمہ کذاب نے بھی اسی طرح کا دعویٰ کیا تھا۔

☆…… وہ نبی اکرم ﷺ کو رسول اللہ مانتا تھا۔بلکہ پہلے ان کی رسالت کا اقرار کرتا تھا۔پھر اپنی نبوت کی بات کرتا تھا۔

☆…… اس نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر حضور ﷺ کی نیابت وخلافت کی درخواست کی تھی اور یہ پیشکش کی تھی کہ اگر وہ اپنی خلافت نہیں دیتے تو دیہات کی نبوت اس کے حوالہ کر دیں۔

اس لئے میری طالب علمانہ رائے میں مسیلمہ کذاب کا دعویٰ نبوت ''امتی نبی'' اور ''تابع نبی'' کے طور پر تھا۔جسے نبی اکرم ﷺ نے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا۔چنانچہ اس سے یہ بات بالکل واضح ہوگئی تھی کہ حضور ﷺ کے بعد کسی قسم کی نبوت کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔خواہ کوئی شخص مستقل نبی ہونے کا دعویٰ کرے یا تابع اور امتی نبی کہلائے۔اس لئے قادیانیوں سے گزارش ہے کہ وہ امت مسلمہ بلکہ پوری دنیا کو بے جا تاویلات کے چکر میں ڈالے رکھنے کی بجائے نئی نبوت اور وحی سے دستبردار ہوکر امت مسلمہ کے اجتماعی دھارے میں متفقہ عقائد کی بنیاد پر واپس آجائیں یا پھر خود کو ایک الگ اور مستقل مذہب کے پیروکار تسلیم کرلیں۔ان کے لئے اس کے سوا کوئی راستہ اور آپشن باقی نہیں رہا۔

قادیانی جماعت اڑتالیس آف شور کمپنیوں کی مالک نکلی

سیف اللہ خالد......مرسلہ: عبداللطیف خالد چیمہ

پانامہ پیپرز کے افشاء نے جہاں حکومتوں کو ہلا کر رکھ دیا ہے وہیں قادیانی جماعت میں بھی ہلچل دکھائی دے رہی ہے۔ جن کے نام نہاد خلیفہ، ان کے خاندان اور دوستوں کے نام پر ۴۸ آف شور کمپنیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ قادیانی جماعت کے ذرائع کے مطابق خلیفہ کے کاروبار پر کسی کو اعتراض نہیں۔ البتہ ان کمپنیوں میں چندے کی رقم ہڑپ کئے جانے کے انکشاف پر قادیانی جماعت کی صفوں میں بھی ہلچل محسوس کی جارہی ہے اور خلیفہ کے حوالے سے سوالات پیدا ہونا شروع ہوگئے ہیں کہ ایک شخص جس کا کوئی ذریعہ روزگار نہیں اور جماعت کا سربراہ بننے سے پہلے وہ ایک امیر آدمی بھی نہیں تھا۔ اب اس کے پاس اتنی دولت کہاں سے آ گئی کہ وہ دنیا کے امیر ترین لوگوں سے بھی زیادہ امیر دکھائی دے رہا ہے۔ ادصاف کو ملنے والی اطلاعات کے مطابق قادیانی جماعت میں موجودہ نام نہاد خلیفہ کے آنے کے بعد سے اب تک کئی ایک دھڑے بندیاں دکھائی دیتی ہیں۔ جن میں سے ان کے مخالفین کا ایک الزام مشترک ہے کہ یہ خلیفہ بدعنوان ہے اور جماعت کے چندوں کی رقم میں خورد برد کا مرتکب ہے۔ مگر کسی کے پاس اس کا ثبوت نہیں تھا۔ اس حوالے سے پہلا الزام ۲۰۱۰ء میں سامنے آیا۔ جب کہا گیا کہ مرزا مسرور بڑی تعداد میں برطانیہ میں پراپرٹی خرید رہا ہے۔ اس کے لئے رقم کہاں سے آ رہی ہے۔ دوسرے یہ کہ چندوں کی مد میں جو رقم غریب قادیانیوں سے حاصل کی جاتی ہے، اس کے عوض انہیں دی جانے والی سہولتوں میں مزید کمی دکھائی دے رہی تھی اور نام نہاد شاہی خاندان کو بھی شکایت تھی کہ ان کی ضروریات پوری نہیں ہوتیں۔

واضح رہے کہ مرزا قادیانی کے خاندان کو قادیانی جماعت میں شاہی خاندان کہا جاتا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ جماعت کے نظام کے تحت دنیا بھر میں جن ممالک سے چندے زیادہ وصول ہوتے ہیں ان میں پاکستان، امریکہ، کینیڈا، جرمنی، برطانیہ شامل ہیں۔ یہ رقم وہاں سے خیراتی رقم کے نام سے منتقل کی جاتی ہے تاکہ اس پر ٹیکس بچایا جاسکے۔ اسے برطانیہ میں AMJ انٹرنیشنل کے نام سے منتقل کیا جاتا ہے۔ اس اکاؤنٹ سے صرف ایک ادارہ شرکۃ الاسلامیہ چلایا جارہا تھا اور اس کی آمدن اور اخراجات سال کے آخر میں برابر ظاہر کردیے جاتے تھے۔ مگر اب معلوم ہوا ہے کہ اسی اکاؤنٹ سے رقوم ادھر ادھر بھی منتقل کی جاتی تھیں اور انہیں گھما پھرا کر آف شور کمپنیوں میں چھپایا جاتا تھا۔

۲۰۱۰ء میں ہی ایک قادیانی عمارت کے لئے بھاری شرح سود پر قرض حاصل کیا گیا جو وقت کے

ساتھ غیر معمولی مقدار میں بڑھنا شروع ہوا۔کہا جاتا ہے کہ اس وقت یہ بحث شروع ہوئی تھی کہ قرض دینے والی یہ کمپنی TJ Holdings کس کی ہے اور اس کے پس پردہ کیا کہانی ہے۔اس وقت تو یہ کہانی سامنے نہیں آئی لیکن اب بھانڈا پھوٹا ہے کہ یہ مرزا مسرور کی اپنی خاندانی کمپنی ہے جو جعلی نام پر کام کرتی ہے۔

اوصاف کو ذرائع نے بتایا ہے کہ مرزا نے زیادہ تر کمپنیاں اپنے نام پر نہیں بنائیں بلکہ اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کے نام پر مال اکٹھا کیا ہے۔جن میں عبدالباقی ارشد کا نام بہت اہم ہے۔اطلاعات کے مطابق عبدالرشید احمد کی عمر ۸۱ برس ہے اور وہ مرزا مسرور کا ذاتی دوست ہے اور کم وبیش ۲۳ چندہ چور کمپنیوں کا ڈائریکٹر بنایا گیا ہے۔اطلاعات کے مطابق قادیانی جماعت چندے کی رقم کے حوالے سے اس قدر حساس ہے کہ اس پر ٹیکس نہ دینے کا معاملہ اٹھانے پر چوہدری احمد حسن کو قتل کروا دیا گیا تھا۔جس کی تحقیقات میں جماعت کی کئی ایک شخصیات کو تفتیش میں شریک ہونا پڑا۔ذرائع کا دعویٰ ہے کہ چندے کی لوٹ مار ہمیشہ سے ایسے ہی رہی ہے۔لیکن مرزا نے ماضی کی روایت کے مطابق مل کر کھانے کے بجائے سب خود ہی کھانے کی پالیسی اختیار کی جس پر احتجاج ہوا قدرتی بات تھی۔دوسرے یہ کہ ماضی میں ایسا کوئی خلیفہ پکڑا نہیں گیا۔اس کی بدقسمتی کہ پانامہ پیپرز نے بھانڈا پھوڑ دیا۔اطلاعات کے مطابق مرزا کی آف شور کمپنیاں صرف پانامہ میں ہی نہیں بلکہ برٹش ورجن آئی لینڈ اور دیگر ٹیکس چوری کے حوالے سے بدنام جگہوں پر بھی ہیں۔

بتایا جاتا ہے کہ مرزا نے مرزا طاہر کی بیوی آصفہ کے نام پر اور نصرت جہاں کے نام سے بھی کمپنیاں کھولی ہیں۔لندن میں قادیانی جماعت کے ذریعہ نے مرزا مسرور کی مختلف فرنٹ مینز کے نام پر کمپنیوں کی تفصیل فراہم کی ہے اور کہا ہے کہ اس سلسلہ میں مزید کام کیا جارہا ہے۔یہ تعداد حتمی نہیں ہے۔مزید انکشافات کی توقع رکھنی چاہئے۔

پانامہ پیپرز میں شامل قادیانی جماعت کی آف شور کمپنیاں اوران کے رہنماؤں کی فہرست جن کی نشاندہی قادیانی ذرائع نے کی ہے:

نمبر شمار	قادیانی رہنماؤں کے نام	آف شور کمپنیوں کے نام	کمپنی کے قیام کی تاریخ
۱	سید قاسم احمد لاہور	فضل عمر پرائز پانامہ	۹ جون ۲۰۰۰ء
۲	سید قمر سلیمان احمد لاہور	فضل عمر پرائز پانامہ	۹ جون ۲۰۰۰ء
۳	سید محمود احمد لاہور	فضل عمر پرائز پانامہ	۹ جون ۲۰۰۰ء
۴	مرزا سفیر احمد لاہور	فضل عمر پرائز پانامہ	۹ جون ۲۰۰۰ء
۵	شوکت جہاں احمد لاہور	فضل عمر پرائز پانامہ	۹ جون ۲۰۰۰ء
۶	مسعود احمد خالد چناب نگر	سندھ ہولڈنگس ایس اے پانامہ	۱۲ جون ۲۰۰۰ء

۷	مرزا ظفر احمد لاہور	سنڈ ہولڈنگس ایس اے پاناما	۱۲/جون ۲۰۰۰ء
۸	مرزا ثمر احمد چناب نگر	سنڈ ہولڈنگس ایس اے پاناما	۱۲/جون ۲۰۰۰ء
۹	ماجد احمد خان، چناب نگر	انفرل لمیٹڈ NIUE	۶/جنوری ۲۰۰۴ء
۱۰	سید خالد احمد شاہ چناب نگر	نورزن انویسٹمنٹ NIUE	۴/مئی ۲۰۰۴ء
۱۱	امتل وحید چناب نگر	زینڈ وانویسٹمنٹ NIUE	۱۲/اکتوبر ۲۰۰۰ء
۱۲	مرزا مظفر احمد لاہور	بلال انویسٹمنٹ پاناما	۷/جون ۲۰۰۰ء
۱۳	شاہد احمد سعدی لاہور	بلال انویسٹمنٹ پاناما	۷/جون ۲۰۰۰ء
۱۴	مرزا عمران احمد چناب نگر	بلال انویسٹمنٹ پاناما	۷/جون ۲۰۰۰ء
۱۵	مرزا سرور احمد لاہور	نصرت انویسٹمنٹ پاناما	۱۶/دسمبر ۱۹۹۳ء
۱۶	سید خالد احمد چناب نگر	نصرت انویسٹمنٹ پاناما	۱۶/دسمبر ۱۹۹۳ء
۱۷	سید شعیب احمد لاہور	نصرت انویسٹمنٹ پاناما	۱۶/دسمبر ۱۹۹۳ء
۱۸	حمید اللہ، لاہور	ٹی جے ہولڈنگس پاناما	۲۵/اگست ۱۹۹۲ء
۱۹	منصور احمد خان، لاہور	ٹی جے ہولڈنگس پاناما	۲۵/اگست ۱۹۹۲ء
۲۰	عالیہ بخش چوہدری، لاہور	ٹی جے ہولڈنگس پاناما	۲۵/اگست ۱۹۹۲ء
۲۱	مرزا سرور احمد لاہور	الحما ہولڈنگس پاناما	۲۳/مئی ۱۹۹۲ء
۲۲	سید قاسم احمد لاہور	الحما ہولڈنگس پاناما	۲۳/مئی ۱۹۹۲ء
۲۳	سید خالد احمد لاہور	الحما ہولڈنگس پاناما	۲۳/مئی ۱۹۹۲ء
۲۴	سید محمود احمد لاہور	قادر انٹرپرائزز پاناما	۲۴/مئی ۲۰۰۰ء
۲۵	سید شعیب احمد لاہور	قادر انٹرپرائزز پاناما	۲۴/مئی ۲۰۰۰ء
۲۶	میاں محمد اسلم، لاہور	اسلم کارپوریشن پاناما	۲/جون ۲۰۰۰ء
۲۷	پروین اسلم، لاہور	اسلم کارپوریشن پاناما	۲/جون ۲۰۰۰ء
۲۸	نعیم اسلم، لاہور	اسلم کارپوریشن پاناما	۲/جون ۲۰۰۰ء
۲۹	محمد محسن اسلم لاہور	اسلم کارپوریشن پاناما	۲/جون ۲۰۰۰ء
۳۰	محمد علی اسلم، لاہور	اسلم کارپوریشن پاناما	۲/جون ۲۰۰۰ء
۳۱	میاں ضیاء الدین طور، راولپنڈی	کاسکا ہولڈنگس پاناما	۸/نومبر ۱۹۸۸ء
